[illegible] وقت

یا [illegible] مسلمانوں کی جدوجہد آزادی

۱۹۳۲ – ۱۹۴۷ء

مرتب

سرفراز حسین مرزا

پاکستان اسٹڈی سنٹر، پنجاب یونیورسٹی، نیو کیمپس لاہور

589/2

جملہ حقوق محفوظ

طبع اوّل : دسمبر ۱۹۸۷ء

تعداد : ایک ہزار

مطبع : سٹار لائٹ پریس، انارکلی لاہور

قیمت :

Marfat.com

انتساب!

جناب مجید نظامی کے نام جنہوں نے سالہا سال
سے بڑی محنت اور لگن سے نوائے وقت کی رُوح
کو بیدار رکھا ہے۔

سرفراز حسین مرزا

Marfat.com

Marfat.com

ترتیب

پیش لفظ — الف ـ د

باب اول

آل انڈیا مسلم لیگ و صوبجاتی مسلم لیگیں

آسام مسلم لیگ ـ بہار مسلم لیگ ـ بلوچستان مسلم لیگ ـ بنگال مسلم لیگ ـ بمبئی مسلم لیگ اسمبلی پارٹی ـ سرحد مسلم لیگ ـ سی پی مسلم لیگ ـ لندن مسلم لیگ ـ مدراس مسلم لیگ ـ مدراس لیگ اسمبلی پارٹی ـ دھلی مسلم لیگ ـ ایسٹ افریقن مسلم لیگ ـ بچہ مسلم لیگ ـ یو پی مسلم لیگ ـ پنجاب مسلم لیگ ـ پرائمری مسلم لیگوں کا قیام اور تنظیمی انتخابات ـ انتخابی مہم ، پنجاب مسلم لیگ اور مشائخ کا کردار ـ پنجاب مسلم لیگ پراپیگنڈہ مہم ـ مسلم لیگ میں شمولیت ـ مسلم لیگ نیشنل گارڈز ـ تحریک پاکستان میں مسلم خواتین اور طلباء کا کردار ـ مسلم لیگ کی مختلف سیاسی و رفاھی تحریکیں ـ ڈائریکٹ ایکشن و تحریک ترک خطابات ـ تحریک سول نافرمانی آسام ـ تحریک سول نافرمانی پنجاب ـ تحریک سول نافرمانی سرحد ـ تحریک رفاقت ـ ریفرنڈم سرحد ـ سلہٹ ریفرنڈم ـ مسلم لیگ ریلیف ورک ـ بہار ریلیف ورک ـ لیگ ریلیف ورک (بحوالہ فسادات) ـ — ۱—۱۵۰

باب دوئم

سیاسیات ہند اور مسلم لیگ

کانفرنسیں : سان فرانسسکو کانفرنس ـ شملہ کانفرنس (۱) جون ۱۹۴۵ء ـ شملہ کانفرنس (۲) مئی ۱۹۴۶ء ـ متفرق کانفرنسیں ـ ویول تجاویز ـ ویول سکیم ـ گول میز کانفرنس (لندن) ـ کامن ویلتھ کانفرنس ـ گاندھی جناح ملاقات ـ سپرو کمیٹی کی تجاویز اور مسلم لیگ کا رد عمل ـ لیگ ڈیفنس کمیٹی ـ لیگ فنڈ ـ لیگ اور آزاد قبائل ـ مسلم لیگ اور شملہ کانفرنس ـ غیر ممالک میں لیگی پراپیگنڈہ ـ لیگ کانفرنسیں ـ نہرووانی ایگزیکٹو کونسل ـ ہندوستان کی آزادی ـ ہندوستان کی تقسیم ـ عارضی حکومت ـ وزارتی مشن ـ — ۱۵۱—۱۸۰

باب سوئم

ہندو کانگرس اور دیگر سیاسی جماعتیں

کانگرسی سرگرمیاں ـ لیگ کانگرس سمجھوتہ ـ کانگرس خضر گٹھ جوڑ ـ پنجاب میں تشکیل وزارت کا مسئلہ ـ برصغیر کی سیاست میں کمیونسٹوں کی سرگرمیاں ـ شیعہ پولیٹیکل کانفرنس ـ دیگر سیاسی جماعتیں : خاکسار تحریک ـ زمیندارہ لیگ ـ کسان سبھا ـ یونینسٹ پارٹی ـ مجلس احرار ـ ہندو مہاسبھا ـ — ۱۸۱—۲۲۱

Marfat.com

باب چہارم

انتخابات

عام انتخابات ۱۹۴۵ء - ۱۹۴۶ء (مرکزی و صوبائی) - ضمنی انتخابات - انتخابی عذر داریاں - انتخابات و نتائج اڑیسہ اسمبلی - انتخابات و نتائج سی - پی اسمبلی - انتخابی نتائج پنجاب اسمبلی - یوم فتح (بحوالہ انتخابات) - بلدیاتی انتخابات - ۲۲۳

باب پنجم

مرکزی و صوبائی اسمبلیوں کی کارروائی

مرکزی دستور ساز اسمبلی - پنجاب اسمبلی - سندھ اسمبلی - بنگال اسمبلی - بہار اسمبلی - آسام اسمبلی - یو پی اسمبلی - سرحد اسمبلی - ہندوستان کی مرکزی اسمبلی کی کارروائی - پنجاب اسمبلی کی کارروائی - سندھ اسمبلی کی کارروائی - بنگال اسمبلی کی کارروائی - بہار اسمبلی کی کارروائی - آسام اسمبلی کی کارروائی - یو پی اسمبلی کی کارروائی - سرحد اسمبلی کی کارروائی - ۲۴۹

باب ششم

شخصیات

مولانا ابوالکلام آزاد - راجگوپال اچاریہ - مرزا ابوالحسن اصفہانی - مسٹر آصف علی - سر آغا خان - میاں افتخار الدین - ڈاکٹر بھیم راؤ کرم جی امبیدکر - مسٹر لیو پولڈ سٹینٹ ایمری - گوپی ناتھ باردولائی - سید عطاء اللہ شاہ بخاری - بخشی غلام محمد - ملک برکت علی - سید عبداللہ بریلوی - سرت چندر بوس - ملک خضر حیات ٹوانہ - جگ جیون رام - قائد اعظم محمد علی جناح - پی سی جوشی - مولوی ابراہیم علی چشتی - چوہدری سر چھوٹو رام - عبداللہ یوسف ہارون - سر غلام حسین ہدایت اللہ - چوہدری ہری سنگھ - ڈاکٹر خان صاحب - چوہدری خلیق‌الزمان - مولانا داؤد غزنوی - میاں ممتاز محمد خان دولتانہ - بھولا بھائی ڈیسائی - ایم - این رائے - چوہدری رحمت علی - نواب زادہ رشید علی خان - ویناٹیک دیمودار ساورکر - سر تیج بہادر سپرو - سر حسین شہید سہروردی - لالہ بھیم سین سچر - سر محمد سعد اللہ خان - شیخ عبدالمجید سندھی - دیوان چمن لال سیتلواڈ - سید غلام مصطفیٰ (جی - ایم - سید) - ڈاکٹر سید محمود - کیپٹن محمد شاہنواز - بیگم جہاں آراء شاہ نواز - سردار شوکت حیات خان - شیخ صادق حسن - میجر عاشق حسین - خان عبدالصمد خان - عبدالرحمن صدیقی - میاں عبدالحئی - خان عبدالغفار خان - خان عبدالقیوم خان - علامہ شبیر احمد عثمانی - ڈاکٹر عمر حیات ملک - سید علی ظہیر - قاضی محمد عیسیٰ - راجہ غضنفر علی خان - ابوالقاسم فضل الحق - فقیر ایپی - رفیع احمد قدوائی - نواب مظفر علی قزلباش - شیخ کرامت علی - ڈاکٹر کھارے - لالہ مہر چند کھنہ - خان بہادر کھوڑو - موھن داس کرم چند گاندھی - محمد ہاشم گزدر - ڈاکٹر گھوش - نواب زادہ لیاقت علی خان - مولانا حسین احمد مدنی - مولوی مظہر علی اظہر - ڈاکٹر شیاما پرشاد مکرجی - نواب محمد افتخار حسین ممدوٹ - جوگندر ناتھ منڈل - کے ایم منشی -

Marfat.com

ڈاکٹر مونجے - جے پرکاش نارائن - خواجہ ناظم الدین - مسز سروجنی نائیڈو - پنڈت جواہر لال نہرو - سردار عبدالرب نشتر - رانا نصراللہ خان - نواب بھوپال - ملک فیروز خان نون - مولانا عبدالستار خان نیازی - مسز وجے لکشمی پنڈت لارڈ سر آرچیبالڈ ویول۔ ۲۶۳—۳۵۵

سیاسی زعماء کی ملاقاتیں ۳۵۶—۳۷۴

باب ہفتم

فرقہ وارانہ فسادات

تقسیم پنجاب - فسادات (برصغیر) فساد زدہ علاقوں کے مہاجرین، مسائل اور آبادکاری، (بہار اور پنجاب) - ریلیف کیمپ اور امدادی کارروائیاں - ۳۷۵—[illegible]

باب ہشتم

اقلیتیں

اچھوت - (اچھوت لیڈر، اچھوت لیگ، اچھوت فیڈریشن، اچھوت کانفرنسیں) - سکھ پالیٹکس - [illegible]

باب نہم

سیاسیات کشمیر

[illegible]

باب دہم

مضامین

ایڈیٹر کے نام خطوط (۱۹۴۶ء—۱۹۴۷ء) - پاکستان (جون تا اگست ۱۹۴۷ء) نو آبادیات - آزاد ہند فوج - مسلمان افسروں کے خلاف مقدمات کا فیصلہ - ریاستیں - [illegible]

ضمیمہ

اداریئے اور شذرات (۱۹۴۴ء—۱۹۴۷ء) - [illegible]

انڈکس

[illegible]

Marfat.com

Marfat.com

باب سوئم کی سرخیاں ہندو کانگرس اور دیگر سیاسی جماعتوں کی کارکردگی کے حوالے سے مرتب کی گئی ہیں جن سے ہندو کانگرس کے علاوہ دیگر لیگ مخالف سیاسی جماعتوں کے طریق کار کے متعلق وضاحت ہوتی ہے۔ ان سیاسی جماعتوں میں تحریک خاکسار، شیعہ پولیٹیکل کانفرنس، زمیندارہ لیگ، کسان سبھا، مجلس احرار اور یونینسٹ پارٹی خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ اسی باب میں کمیونسٹوں کی سرگرمیوں کے بارے میں بھی خبریں ترتیب دی گئی ہیں جو برصغیر میں کمیونسٹ سرگرمیوں پر محیط ہیں۔

باب چہارم برصغیر میں ہونے والے ۱۹۴۵ء - ۱۹۴۶ء کے مرکزی و صوبائی انتخابات کی سرخیوں پر مشتمل ہے۔ یہ حصہ اس لحاظ سے اہمیت کا حامل ہے کہ اس کے مطالعہ سے ایک ہی نظر میں عام انتخابات کی 'خبری روئیداد' سامنے آ جاتی ہے۔ انتخابات کے لئے مسلم لیگ کی کاوشیں، کارکنوں کی شب و روز جد و جہد، لیگ اور لیگ مخالف امیدواروں کے اسماء، انتخابی حلقوں کی فہرستیں، پولنگ سٹیشنوں کی گہما گہمی، انتخابی نتائج اور انتخابی عذرداریوں پر مشتمل خبروں کی تفصیل اسی باب کا حصہ بنائی گئی ہیں۔ اعلیٰ سطح کے انتخابات کے ساتھ ساتھ بلدیاتی سطح کے انتخابات کی خبروں کو بھی جگہ دی گئی ہے جن سے مسلم عوام کی نچلی سطح کی سیاسیات پر بھی واضح روشنی پڑتی ہے۔

باب پنجم ہندوستان کی دستور ساز اسمبلی اور دیگر صوبائی اسمبلیوں کی ماہ بہ ماہ کارروائیوں کے حوالے سے ترتیب دیا گیا ہے جس کے آخر میں پاکستان کی ابتدائی دستور ساز اسمبلی سے متعلق بعض اندراجات بھی سامنے آتے ہیں۔

باب ششم کی سرخیاں شخصیات کے حوالے سے ترتیب دی گئی ہیں جن کو حروف تہجی کے اعتبار سے رکھا گیا ہے۔ اس میں برصغیر کے سیاسی زعماء کے بیانات یا ان کے حوالے سے اہم سرخیاں شامل کی گئی ہیں۔ کوشش کی گئی ہے کہ حضرت قائد اعظم محمد علی جناح سے متعلق ہر سطح کی خبریں مکمل تفصیل کے ساتھ شامل کی جائیں جن میں براہ راست خواہ قائد اعظم کے اپنے بیانات یا تقاریر ہوں یا ان کی ذات گرامی سے منسوب بیانات یا خبریں ہوں، ان سب کو بلحاظ موضوع نہیں بلکہ ماہ و سال کی ترتیب سے شامل کیا گیا ہے۔ اس باب میں ایسی شخصیات کی خبریں بھی سامنے آئیں گی جن کا اگرچہ مسلم لیگ یا مسلمانان ہند کی جد و جہد آزادی سے براہ راست تعلق تو نہیں دکھائی دے گا لیکن سیاسیات ہند کے پس منظر کو سمجھنے کے لئے یہ خبریں بہرکیف ممد ثابت ہونگی۔

باب ہفتم میں شامل سرخیاں برصغیر میں ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات کی بھرپور عکاسی کرتی ہیں۔ فسادات کی تفصیل جاننے کے لئے سرخیوں کی ترتیب اتنی وضاحت سے مرتب کی گئی ہے کہ ایک ہی نظر میں غیر منقسم ہندوستان میں رونما ہونے والے فرقہ وارانہ فسادات کی جھلک سامنے آ جاتی ہے۔

باب ہشتم اقلیتوں سے متعلقہ سرخیوں پر مشتمل ہے جس میں خاص طور پر اچھوت اور سکھ پالیٹکس کا احاطہ کیا گیا ہے۔ اچھوتوں کے ساتھ ہونے والی بے انصافیاں اور سکھوں کی آئے دن بدلتی سیاسیات پر مبنی سرخیاں محققین کے لئے باعث کشش ثابت ہوں گی۔

باب نہم میں سیاسیات کشمیر پر مبنی سرخیوں کو ترتیب دیا گیا ہے جن سے ممکن ہے کشمیر سے متعلق ایسی تفصیلات سامنے آئیں جو ایک عرصہ سے تاریکی کا شکار رہی ہوں۔

باب دہم میں ان تمام مضامین کے عنوانات کو شامل کیا گیا ہے جو وقتاً فوقتاً تاریخ، سیاسیات ہند اور تحریک پاکستان کے موضوعات پر شائع ہوتے رہے۔ اس کے علاوہ ایڈیٹر کے نام بعض خطوط کے عنوانات بھی شامل کئے

Marfat.com

گئے ہیں ۔ اسی باب میں پاکستان کے عنوان کے تحت چیدہ چیدہ سرخیوں کو بھی ترتیب دیا گیا ہے اور اس کے ساتھ نو آبادیات ، آزاد ہند فوج اور ریاستوں سے متعلق خبروں کی شہ سرخیوں کو بھی شامل کر دیا گیا ہے ۔

آخر میں ضمیمہ کے طور پر نوائے وقت میں شائع ہونے والے اداریوں اور شذرات کو بلحاظ 'تاریخ' ترتیب دیا گیا ہے ۔ یہاں یہ بات واضح کر دینا ضروری ہے کہ ضمیمہ میں دیئے گئے اداریئے اور نوٹ مکمل نہیں کیونکہ فائیلوں میں بیشتر پرچے یا تو موجود نہیں ہیں یا وقت کی دستبرد سے فائلیں اتنی بوسیدہ ہو چکی ہیں کہ ان میں سے تمام اداریوں اور شذرات کا ملنا محال ہے ۔

درج بالا کوائف کی روشنی میں امید کی جا سکتی ہے کہ زیر نظر دستاویز میں ترتیب دیئے گئے بنیادی مواد سے تحقیق کے جوئیہ افراد کما حقہ استفادہ کر سکیں گے ۔ یہاں یہ ذکر کرنا مناسب ہوگا کہ یہ مواد اگرچہ مفصل تو ہے لیکن فنی نکتہ نگاہ سے مکمل نہیں کیونکہ نوائے وقت کے دستیاب ریکارڈ میں تمام پرچے موجود نہیں ۔ اس کے علاوہ بہت سی سرخیوں کے متن بوجوہ شامل نہیں کئے جا سکے جنہیں مکمل چھان پھٹک کے بعد آئیندہ اشاعت میں ضمیمہ کی شکل میں شامل کر دیا جائے گا ۔

میں نے ۱۹۷۸ء میں روزنامہ ٹریبیون کا اسی طرز پر موضوعاتی اشاریہ مرتب کیا تھا جو سنٹر برائے ساؤتھ ایشین سٹڈیز نے ۱۹۸۲ء میں شائع کیا تھا ۔ پنجاب یونیورسٹی کے مدیر وائس چانسلر ، اور پاکستان سٹڈی سنٹر کے ڈائریکٹر ، جناب ڈاکٹر رفیق احمد صاحب کا میں نہایت درجہ احسان مند ہوں کہ انہوں نے میرے اس ابتدائی کام کو سراہا اور اسی طرز پر مزید کام کرنے کی طرف رغبت دلائی ۔ یہ انہی کی بے پایاں شفقت ، سرپرستی اور توجہ کا نتیجہ ہے کہ میں یہ منصوبہ احسن طریق سے مکمل کر پایا ۔ مدیر اعلیٰ نوائے وقت ، جناب مجید نظامی کی عنایات کے ذکر کے لئے تشکر کے کلمات کے سوا میرے پاس ہے بھی کیا ۔ ان کو ہر لمحہ میری اس ادنیٰ کاوش کی تکمیل و اشاعت کا برابر احساس رہا ۔ میں اپنے دل کی گہرائیوں سے ان کے دست تعاون کا ممنون احسان رہونگا ۔ اس کام کی تکمیل کے دوران ، معروف صحافی ، جناب مسعود جاوید ہمدانی کی ذاتی دلچسپی اور علمی رفاقت میرے لئے باعث خیر رہی ۔ میں ان کو دعائے خیر سے یاد کرتا رہوں گا ۔

اس کتاب کے لئے مواد جمع کرنے میں مجھے مسٹر غلام حسین قریشی اور محمد یاسین صاحب سے مدد ملی جن کا میں تہہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہوں ۔ پاکستان سٹڈی سنٹر کے رفقائے کار مسز فرزانہ چیمہ اور محمد اصغر کا ممنون ہوں جنہوں نے وقتاً فوقتاً مسودہ کی ترتیب و تدوین اور طباعت کے دوران میرے ساتھ تعاون کیا ۔

لاہور ، ۲۵ دسمبر ۱۹۸۷ء

سرفراز حسین مرزا

Marfat.com

پیش لفظ

تاریخی دستاویزات کے حوالے سے اخبارات کی اہمیت کسی طویل بحث و تمحیص کی محتاج نہیں ۔ تاریخ و ثقافت کے بعض پہلو انہی کے مطالعے سے واضح ہوتے ہیں ۔ مگر ان سے استفادہ جب ہی بہتر طور پر ممکن ہے کہ ان کے اشاریئے مرتب ہو کر شائع ہوں ۔ اشاریئے کا مقصد کسی دستاویز کے مندرجات کو آشکار کرنا اور قاری کو ایک طائرانہ نظر میں وہ سب کچھ مہیا کرنا ہے کہ جس کی اسے جستجو ہو اور اسے اپنے مطلب کے مواد کی تلاش کے کام میں آسانی ہو ۔ بکھری ہوئی معلومات کی طرف راہنمائی کے لئے اشاریئے مؤثر کردار ادا کرتے ہیں ۔

اشاریہ نگاری کے فن کا آغاز انیسویں صدی میں انگلستان سے ہوا لیکن اس کی نشو و نما امریکہ میں ہوئی اور یوں اشاریہ نگاری کے ایک اہم عہد کا آغاز ہوا ۔ اس ضمن میں فریڈرک پولی اور ڈبلیو ۔ ولسن کے نام خاصے نمایاں ہیں ۔ بیسویں صدی دراصل اشاریہ نگاری کا عہد ہے ۔ روز افزوں معلومات کے طومار کو قرینے سے مرتب کرنا اور بوقت ضرورت آسانی سے استعمال کے قابل بنا دینا بہت اہم کام ہے ۔

دنیا بھر میں غالباً دی ٹائمز ایک ایسا اخبار ہے جس کا باقاعدگی سے اشاریہ شائع ہوتا ہے جس سے ہر نہج کی تفصیلات مل جاتی ہیں لیکن روزنامہ **نوائے وقت** کا زیر نظر اشاریہ اس سے یکسر مختلف ہے کہ یہ محض ایک "انڈکس" یا "نیوز ریل" نہیں بلکہ یہ سیاسیات ہند اور تحریک پاکستان کی ایک حوالہ جاتی دستاویز ہے جو مسلمانان جنوبی ایشیا کی جد و جہد آزادی کی تفصیلات کا احاطہ کرتی دکھائی دیتی ہے ۔ دستاویزات کی اہمیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ۔ بالخصوص ایسی دستاویزات جو قوموں کی تاریخ پر روشنی ڈالتی ہوں ۔ یہ دستاویز بھی اسی زمرے میں آتی ہے کہ یہ ہندی مسلمانوں کی تحریک آزادی کی ایک منہ بولتی تصویر ہے ۔

تحریک پاکستان میں **نوائے وقت** کے کردار سے کون واقف نہیں ۔ یہی وہ اخبار ہے جس نے تحریک پاکستان کے دوران مسلمانان ہند کی بالعموم اور پنجاب کے مسلمانوں کی بالخصوص ذہنی آبیاری کی ۔ نوائے وقت نے نہ صرف ہر سطح بلکہ ہر محاذ پر برصغیر کے مسلمانوں کے دشمنوں اور بدخواہوں کا تدبر و فراست اور عزیمت سے مقابلہ کیا ۔ ہندو اور انگریز کی مخالفت میں گھری ہوئی مسلم لیگ کو ایک ٹھوس اور قابل اعتماد 'صحافتی پلیٹ فارم' مہیا کیا ۔ ہندو پراپیگنڈے سے بیزار مسلم عوام کو امید کی نوید سنائی اور انہیں مایوسی کی اتھاہ گہرائیوں سے کامیابی سے نکلنے میں ممد و معاون ثابت ہوا ۔ سیاسیات ہند کی گو مگو کیفیت میں جبکہ ہر طرف کانگرسی ، نیشنلسٹ ، مہاسبھائی اور ٹوڈی اخبارات کا دور دورہ تھا ، **نوائے وقت** کا میدان صحافت میں آنا ، مسلم عوام کے لئے باعث اطمینان ثابت ہوا ۔ کیا حسن اتفاق ہے کہ ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کا تاریخ ساز دن ، جہاں مسلمانان ہند کے لئے ایک انتہائی مبارک دن ثابت ہوا ، وہاں یہی ساعت **نوائے وقت** کے لئے بھی مبارک ثابت ہوئی کہ اسی روز اس کے بانی جناب حمید نظامی نے لاہور سے **نوائے وقت** کا ابتدائی پندرہ روزہ پرچہ شائع کیا ۔ گویا عرش معلیٰ پر جنوبی ایشیا کے مسلمانوں کی آزادی اور اس حوالے سے اس کے صحافتی ہراول دستے کے طور پر **نوائے وقت** کی ابتداء کے فیصلہ کا وقت پہلے سے معین ہو چکا تھا ۔

Marfat.com

اس لحاظ سے قدرت کی طرف سے **نوائے وقت** کو جو فرائض سونپے گئے ان کو سر انجام دینے کے لئے **نوائے وقت** نے جس سنجیدگی اور ذمہ داری سے اپنا کردار نبھایا اس کے دوست تو کیا دشمن بھی معترف ہیں۔ اس کی جاندار پالیسی، پر مغز کالم، مدلل اداریوں، تجزیوں اور مقصدیت سے بھرپور لگن کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے۔ چونکہ **نوائے وقت** نے مسلمانان ہند کی ترجمانی کا بیڑہ اٹھایا تھا، لہذا اس نے تحریک پاکستان سے متعلق ادنیٰ سے ادنیٰ خبر سے لیکر بڑی سے بڑی خبر تک کو اپنے کالموں میں جگہ دی۔ اس اعتبار سے یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ **نوائے وقت** کے صفحات میں تحریک پاکستان کی مثبت تاریخ دوسرے معاصر اخبارات کی نسبت کہیں زیادہ محفوظ ہے۔ چنانچہ پاکیزہ جذبوں اور حسین ولولوں کے اس یادگار سفر آزادی کی رخشندہ و تابندہ داستان کہ جس کے ذکر سے آج بھی ہموطنوں کے چہرے دمک اٹھتے ہیں، کی تفصیلات جاننے اور اسے زمانے کی دستبرد سے محفوظ رکھنے کے لئے **نوائے وقت** کی فائلوں کو کھنگالا گیا اور اس کے ہر کالم سے غازیوں اور شہیدوں کی جنگ حریت کے موتی چن چن کر اکٹھے کئے گئے اور اس طرح سے **نوائے وقت** کے دستیاب ریکارڈ میں سے ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۷ء تک کی سالخوردہ فائلوں میں سے خبروں پر مشتمل دیگر موضوعات کے علاوہ تحریک پاکستان کی ایک طویل دستاویزی روئیداد مرتب ہوگئی۔ ظاہر ہے کہ یہ کام بہت صبر آزما اور حوصلہ طلب تھا جو کئی سالوں کی شب و روز کی مسلسل محنت اور لگن سے موجودہ شکل میں سامنے آیا ہے۔

دس ابواب میں منقسم اس کتاب کے بارے میں سب سے پہلے تو یہ کہنا قابل ذکر ہوگا کہ وطن عزیز میں شائع ہونے والی یہ اپنی نوعیت کی پہلی حوالہ جاتی کتاب ہے جو تحقیق کے سنگلاخ میدان میں سرگردان افراد کے لئے خاص طور پر دلچسپی اور کشش کا باعث ہو سکتی ہے۔ نیز یہ کتاب ان دانشوروں اور محققین کے لئے، جو تحریک پاکستان کے مختلف موضوعات پر تحقیق کر رہے ہیں یا کرنا چاہتے ہیں، ایک اہم بنیادی ماخذ ثابت ہوگی۔ **نوائے وقت** کی خبروں کے ذخیرے کو علیحدہ علیحدہ سرخیوں کے ساتھ مختلف حصوں میں اس طرح تقسیم کیا گیا ہے کہ ہر قاری اپنی پسند کے عنوان کے تحت دیئے گئے مندرجات کو بآسانی تلاش کر سکے کہ جن کی ترتیب مختلف موضوعات کے اعتبار سے تاریخ وار رکھی گئی ہے۔

ابتداء میں آل انڈیا مسلم لیگ اور دیگر صوبائی لیگوں کی سرگرمیوں پر مشتمل ایک طویل باب ترتیب دیا گیا ہے جو ۱۹۴۴ء سے ۱۹۴۷ء تک کی سیاسیات ہند میں مسلم عوام کے ہر سطح پر ادا کئے گئے کردار کی بھرپور عکاسی کرتا ہے۔ اس میں نہ صرف آل انڈیا مسلم لیگ کی سیاسیات کا ذکر ہے بلکہ صوبائی لیگوں، شہری لیگوں، ابتدائی پرائمری لیگوں، بچہ لیگوں، غرضیکہ لیگ سے متعلق ہر سطح کی کارروائیوں کی تفصیل ملتی ہے۔

اس باب میں تحریک پاکستان میں مسلم خواتین اور طلباء کے کردار پر بھی تفصیلی عنوانات بالحاظ تاریخ ترتیب دیئے گئے ہیں۔ مسلم لیگ کی مختلف سیاسی و رفاہی تحریکوں پر مشتمل خبروں کا حصہ بھی اسی باب کا حصہ بنایا گیا ہے جس میں آسام کی تحریک سول نافرمانی اور پنجاب و سرحد کی سول نافرمانی کی تحریکوں کی داستان ابھرتی دکھائی دیتی ہے۔ آخر میں سرحد ریفرنڈم کا حصہ بھی اسی باب میں شامل کر دیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، مسلم لیگ ریلیف ورک اور مہاجرین کے مسائل و آباد کاری کی سرگرمیوں پر مشتمل سرخیاں بھی اسی باب میں رکھی گئی ہیں۔ اس طرح سے باب اول میں بجا طور پر تحریک پاکستان کے حوالے سے مسلم لیگ اور مسلم عوام کی بھرپور جد و جہد آزادی کی مکمل تصویر ابھر کر سامنے آ جاتی ہے۔

باب دوئم سیاسیات ہند پر مبنی خبروں پر مشتمل ہے جو مختلف کانفرنسوں کے انعقاد، مقاصد اور نتائج کا احاطہ کرتا دکھائی دیتا ہے۔ اس میں سان فرانسسکو کانفرنس، شملہ کانفرنس جون ۱۹۴۵ء اور مئی ۱۹۴۶ء کی ترتیب وار خبریں ملتی ہیں۔ ان کے علاوہ دیگر کانفرنسوں کی سرخیاں بھی شامل کی گئی ہیں جو کسی نہ کسی طرح سے سیاسیات ہند پر روشنی ڈالتی ہیں اور یہ کہ جن کا تعلق بالواسطہ یا بلا واسطہ قبل از تقسیم مسلم سیاسیات سے بھی تھا۔ اس باب میں ویول تجاویز، گاندھی جناح ملاقات، سپرو کمیٹی کی تجاویز، ہندوستان کی آزادی اور تقسیم، عارضی حکومت اور وزارتی مشن جیسے اہم موضوعات پر مبنی مندرجات محققین کی دلچسپی کا باعث ہونگے۔

Marfat.com

باب اوّل

آل انڈیا مُسلم لیگ وصوبجاتی مُسلم لیگیں

Marfat.com

Marfat.com

آل انڈیا مسلم لیگ و صوبجاتی مسلم لیگیں

آل انڈیا مسلم لیگ ، صوبائی مسلم لیگیں ، بیرون ممالک مسلم لیگ برانچیں اور ریاستی مسلم لیگیں

وزیر اعظم سندھ قائداعظم محمد علی جناح سے ملاقات کریں گے ۔

مسلم لیگ کونسل کے لیے سندھ مندوبین کا انتخاب
آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس ۔

۲۶ جولائی ۱۹۴۴ - ۴

آل انڈیا مسلم لیگ ۔
مجلس عمل اور پارلیمنٹری بورڈ کے اجلاس ۔

۳ اگست ۱۹۴۴ - ۴ ، ۲

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
لاہور میں میاں ممتاز دولتانہ کی کوٹھی پر مسلم لیگ نیشنل گارڈز ، زنانہ مسلم لیگ اور پنجاب کے مسائل زیر بحث آئے ۔

۴ اگست ۱۹۴۴ - ۴ ، ۲

سنٹرل لیگ پارلیمنٹری بورڈ کا اجلاس ۔
(پارلیمنٹری بورڈوں کے قیام کا مسئلہ زیر غور تھا)

۴ اگست ۱۹۴۴ - ۴ ، ۲

مسلم لیگ کے سنٹرل پارلیمنٹری بورڈ کا اجلاس ۔
پنجاب اسمبلی مسلم لیگ پارٹی کی موجودہ پوزیشن پر غور ۔

۴ اگست ۱۹۴۴ - ۴ ، ۳ - ۴

لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
لیاقت علی خان نے اعلان کیا آئندہ اجلاس ۲۷ ستمبر کو ہوگا ۔

۲ ستمبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۲

پاکستان کے پاس اقتصادی احیا کے تمام ذرائع موجود ہیں ۔

آل انڈیا مسلم لیگ کی پلیننگ کمیٹی کا اجلاس ۔
صاحب صدر کی تقریر ۔

۶ ستمبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۳ - ۴

آل انڈیا زکوٰۃ فنڈ قائم کرنے کی تجویز ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کا سرکلر صوبائی شاخوں کے نام ۔

۷ اکتوبر ۱۹۴۴ - ۴ ، ۱-۲

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس لاہور میں کیا جائے ۔
پنجاب پراونشل مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا فیصلہ ۔

یکم نومبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۱ - ۲

مرکزی اسمبلی کی مسلم لیگ پارٹی کا جلسہ ۔
میٹنگ میں تحریکوں اور قراردادوں کے بارے میں لیگ پارٹی کی پالیسی متعین کی جائے گی ۔

یکم نومبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۶

آل انڈیا مسلم لیگ
نومبر میں ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۔

۲ نومبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۴

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس ۔
صوبہ سرحد کی طرف سے دعوت ۔

۴ نومبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۲

مسلم لیگ تعمیری کمیٹی کے نئے ممبر ۔ ڈاکٹر ذاکر حسین اور ڈاکٹر عبدالرحمن ۔

۱۵ نومبر ۱۹۴۴ - ۲ ، ۳

صوبائی مسلم لیگ اسمبلی پارٹیوں کے لیے قوانین ۔

۲۳ نومبر ۱۹۴۴ - ۲ ، ۱

مسلم لیگ کی مجلس عمل ۔
بنگال میں دورہ کرے گی ۔

۱۷ دسمبر ۱۹۴۴ - ۳ ، ۱

دو ماہ میں سو کانفرنسیں ۔
مسلم لیگ کا شاندار پروگرام ۔
آئیندہ ماہ میں پراپیگنڈہ کا پروگرام ۔

۲۰ دسمبر ۱۹۴۴ - ۴ ، ۲

Marfat.com

آل انڈیا مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی تیاریاں ۔
صوبائی لیگ کی طرف سے شاخوں کو ہدایت ۔
۲۳ دسمبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۵ - ۶

مسلم لیگ کی تعلیمی کمیٹی کا اجلاس ۔
ثانوی تعلیمی سب کمیٹیوں کا جلسہ ۔
زیر صدارت نواب اسمعیل خان منعقد ہوا ۔
۷ جنوری ۱۹۴۵ - ۱ ، ۱

آل انڈیا مسلم لیگ کے بتیسویں سالانہ اجلاس کی تیاریاں ۔
دو لاکھ روپیہ جمع ہو جائے گا ۔
۱۴ جنوری ۱۹۴۵ - ۱ ، ۳ - ۴

کیا لیگ سیشن فلمایا جائے گا ۔
پتہ چلا ہے کہ آل انڈیا لیگ سیشن کی کارروائی کو فلمانے کے انتظامات کر رہی ہے ۔
۳۱ جنوری ۱۹۴۵ - ۴ ، ۲

مجلس احتساب کا مطالبہ ۔
مسلم لیگ کونسل کے لیے ریزولیوشن ۔
۱۴ فروری ۱۹۴۵ - ۴ ، ۳

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس ۔
پنڈال کے لیے میدان کا انتخاب ۔
۱۴ فروری ۱۹۴۵ - ۴ ، ۳

بستی میاں میر میں مسلم لیگ سرگرمیاں ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس جوں جوں قریب آ رہا ہے اسلامی طبقہ میں جوش و خروش بڑھ رہا ہے ۔
۱۵ فروری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۲

مسلم لیگ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ملتوی ۔
نوابزادہ لیاقت علی خان کا بیان ۔
۱۷ فروری ۱۹۴۵ - ۱ ، ۶

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ۔
۳۰ - ۳۱ مارچ اور یکم اپریل کو لاہور میں منعقد ہو گا ۔
صدر مجلس استقبالیہ ۔
۸ مارچ ۱۹۴۵ - ۱ ، ۳ - ۴

لیگ کے سالانہ اجلاس کیلئے عظیم الشان تیاریاں ۔
ہزاروں روپے کی سبزیاں منٹو پارک کے تقدس پر قربان ہو گئیں ۔
۸ مارچ ۱۹۴۵ - ۱ ، ۵ - ۶

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ، صدر سٹی مسلم لیگ کی اپیل ۔
۸ مارچ ۱۹۴۵ - ۴ ، ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کے بتیسویں سالانہ اجلاس کی تیاریاں ۔
۹ مارچ ۱۹۴۵ - ۵ ، ۶

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ۔
۳۰ - ۳۱ مارچ اور یکم اپریل کو لاہور میں منعقد ہو گا ۔
۱۰ مارچ ۱۹۴۵ - ۱ ، ۱ - ۲

سر ہدایت اللہ کی سرزنش نہیں ہو گی ۔
لیگ ہائی کمان کا فیصلہ ۔
۱۰ مارچ ۱۹۴۵ - ۱ ، ۴

مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس کی تیاریاں ، لاہور ۔
ایک لاکھ سے زائد اجتماع ہو گا ۔
۱۳ مارچ ۱۹۴۵ - ۳ ، ۳ - ۴

آل انڈیا مسلم لیگ کا اجلاس ۔
ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۲ اپریل کو دہلی میں ہو رہا ہے ۔
۳۰ مارچ ۱۹۴۵ - ۱ ، ۵

مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
صوبائی لیگوں کی تنظیم پر غور و خوض ۔
۱۵ اپریل ۱۹۴۵ - ۴ ، ۱

مجلس عمل بنگال و آسام کے دورہ پر ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل ہمراہ نواب صدیق علی خان کا دورہ ۔
۵ مئی ۱۹۴۵ - ۵ ، ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کا سالانہ اجلاس ۔
لاہور میں ہی ماہ نومبر میں ہو گا ۔
۶ مئی ۱۹۴۵ - ۱ ، ۳ - ۶

Marfat.com

کالی کٹ میں آل انڈیا مسلم لیگ مجلس کانفرنس ۔
زیر صدارت مسٹر عبدالحمید صدر آل انڈیا مسلم مجلس ۔
۱۶ مئی ۱۹۴۵ - ۲ ، ۶

نمائندگان لیگ کا دورہ امریکہ ۔
قاضی عیسیٰ کو ابھی تک اطلاع نہیں ۔
یکم جون ۱۹۴۵ - ۶ ، ۵

ملک میں ٹریڈ یونینوں کا جال پھیلایا جائے گا ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کا فیصلہ ۔
۱۲ اگست ۱۹۴۵ - ۵ ، ۵ - ۶

آل انڈیا مسلم لیگ لائن سسٹم کے بارے میں مسلم لیگ نے وزیر اعظم آسام کو ہدایات روانہ کر دیں ۔
وزیر اعظم ان ہدایات پر ضرور کار بند ہوں گے ۔
۱۶ اگست ۱۹۴۵ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ مسلمان ملازمین کے حقوق کی نگہداشت ۔
مسلم لیگ نے کمیٹی مقرر کر دی ۔
۲۲ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

اعلان حق ۔
مسلم لیگ تمام مسلمانان ہند کی واحد نمائندہ جماعت ہے ۔
۲۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۵ ، ۲

انتخاباتؔ میں مداخلت کی مذمت ۔
مسلم لیگ کی ایک مجلس عمل نے متفقہ طور پر انتخابات میں مداخلت کی مذمت کی ۔
۳۰ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

یو ۔ پی میں چھ اپیلیں منظور ۔
مرکزی لیگ پارلیمانی بورڈ کا فیصلہ ۔
۳ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۴

مسلم لیگ عدم ادائیگی مالیہ کی مہم جاری کرے ۔
آل انڈیا لیگ کونسل سے سفارش ۔
۲۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

مسلم لیگ مجلس عمل کا اجلاس ۔
مستقبل کے لائحہ عمل پر بحث و تمحیص ۔
۱۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

صوبائی لیگوں کے لیے مجلس عمل کا حکم ۔
مجلس عمل کے سیکرٹری محمد ظفر احمد انصاری نے اعلان کیا ۔
۲۰ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
مولانا شبیر احمد کو دعوت شرکت ۔
یکم جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

دہلی میں لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس آج منعقد ہو گا ۔
دہلی میں مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
۹ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

بنگال لیگ پارلیمنٹری بورڈ کے فیصلے ۔
مرکزی لیگ بورڈ نے تصدیق کر دی ۔
۱۹ جون ۱۹۴۶ - ۳ ، ۶

مسلم لیگ مجلس عاملہ کا اجلاس سوموار پر ملتوی ہو گیا ۔
وائسرائے کو قائداعظم نے ایک اور خط روانہ کر دیا ۔
۲۲ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس کل پر ملتوی ہو گیا ۔
سندھ اور بنگال کے وزرائے اعظم نے شرکت کی ۔
۲۵ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ ماہرین آئین کی کمیٹی ۔
دستور ساز اسمبلی کے مسلم ارکان کو مشورہ دے گی ۔
۱۳ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

لیگ کونسل بمبئی کے اجلاس میں کانگرس کو منہ توڑ جواب دے گی ۔
کانگرس کے ہندو راج قائم کرنے کے منصوبے بے نقاب ہو گئے ۔
۱۸ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

Marfat.com

دستور ساز اسمبلی کے لیگی نمائندے ۔
لیگ کونسل کے اجلاس میں شریک ہونگے ۔

۲۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

مسلم لیگ کی سرگرمیاں ۔
دستور ساز اسمبلی کے لیے آئینی ماہرین کی کمیٹی ۔

۲۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

آج دھلی میں اجلاس منعقد ہوگا ۔
دشمن کے آلہ کار بننے والی انجمنوں اور قومی غداروں سے بائیکاٹ کیا جائے ۔
مسلم لیگ کونسل کے اجلاس میں مسٹر محمد اسماعیل کی قرارداد ۔

۲۵ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

لیگ نے سرمایہ داری کو مٹانے کی تحریک پیش کر کے کانگرس کو مشکل میں ڈال دیا ۔
لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا ۔

۲۵ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

آج لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس شروع ہو جائے گا ۔
کئی لیگی زعماء بمبئی پہنچ گئے ۔ سٹیشن پر شاندار استقبال ۔

۲۶ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

لیگ ورکنگ کمیٹی کا تاریخی اجلاس بمبئی میں شروع ہے ۔
ورکنگ کمیٹی کے نصف ارکان وزارتی سکیم کے استرداد کے حق میں ۔

۲۷ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی نے کوئی ریزولیوشن پاس نہ کیا ۔
لیگ کونسل کو مسائل پر بحث کرنے کی کھلی آزادی ۔

۲۸ جولائی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کی قرار داد ۔

۳۰ جولائی ۱۹۴۶ - ۴ ، ۳ - ۴

مسلمان جد و جہد کے لیے تیار ہو جائیں ۔ خطابات یافتہ مسلمان خطابات واپس کر دیں ۔ آل انڈیا مسلم لیگ کی قرار داد ۔

۳۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

مسلم لیگ نے ماہ مقدس کے آغاز پر عملی قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا ۔ مدراس کے مسلم لیگی لیڈر عبدالحمید خان کا بیان ۔

۳۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

تمام غیر مسلم لیگی جماعتیں لیگ کے شانہ بشانہ میدان عمل میں اتر آئیں ۔ تمام باہمی اختلافات پس پشت ڈال دیئے جائیں ۔ شیخ محمد امین کی اپیل ۔

۳۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۳ ، ۳ - ۴

مندرجہ ذیل اصحاب نے آل انڈیا مسلم لیگ کے حکم پر انگریزی خطابات واپس کر دیئے ۔

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

لیگ کونسل نے اپنے اجلاس بمبئی میں جو فیصلے کئے اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ حکومت برطانیہ کی وعدہ خلافی اور کانگرسی لیڈروں کی تنگدلی نے لیگ کو مخالفت کے میدان میں آنے پر مجبور کر دیا ۔

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۳ ، ۳ - ۴

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل کی قرار داد میں لنکا کے ہندوستانیوں کو امداد کا یقین دلایا ۔

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ بمبئی کا اجلاس ختم ہو گیا ۔ لیگ پارلیمنٹری بورڈ کے ارکان تین کے بجائے پانچ ہونگے ۔

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

لیگ کی نئی مجلس عمل کے ارکان کے سات ناموں کا اعلان ۔
مسٹر لیاقت علی خان کنوینر اور مسٹر اسماعیل خان اس کے چیئرمین ہوں گے ۔

۲۸ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۸ ستمبر کو منعقد ہوگا ۔
وائسرائے کی پیشکش بالکل مبہم ہے (ایم جعفر) ۔

۳۱ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

Marfat.com

۲ ستمبر کو مسلمان سیاہ جھنڈے لہرائیں ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کا حکم ۔

یکم ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

مکمل تیاری سے پہلے ڈائرکٹ ایکشن شروع نہیں کیا جائے گا ۔
مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔

۱۱ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
(دہلی میں منعقد ہوا جس میں صوبائی نیشنل گارڈز سے ملاقات کی گئی) ۔

۱۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

لیگ کی مجلس عمل کے اجلاس ۔
دہلی میں دو اجلاس منعقد ہوئے ۔
مجلس کے ارکان نے صوبائی لیگوں کے ارکان اور سیکرٹریوں سے ملاقات کی ۔

۱۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

لیگ کی مجلس عمل اور مرکزی پارلیمنٹری بورڈ ۔
دہلی میں مشترکہ اجلاس ۔

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

صوبائی لیگوں کے انتخابات کا التوا ۔
مسلم لیگ کی مجلس عمل کا فیصلہ ۔

۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

مسلم لیگ کی اکنامکس کمیٹی کا اجلاس ۔
پاکستان کے اقتصادی ذرائع میں ترقی کے امکانات کا کھوج لگانے کے لیے ۔

۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس دہلی میں ۔
اس میں قائداعظم شرکت فرمائیں گے ۔

۲۰ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
لیاقت علی خان کی کوٹھی پر منعقد ہوا ۔
دوسرا اجلاس قائداعظم کی کوٹھی پر منعقد ہوا ۔

۲۰ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
لیاقت علی کی کوٹھی پر منعقد ہوا ۔

۲۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۵

آج شام وائسرائے سے قائداعظم کی تیسری ملاقات ہوگی ۔
جمیعۃ العلمائے اسلام کی مجلس عمل کا قیام ۔
آئندہ وزیرستان پر وحشیانہ بمباری کے نتائج خطرناک ہوں گے ۔ لیگ کی مجلس عمل کا انتباہ ۔ (حواشی) ۔

۲۹ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱

وزیرستان میں بمباری سے شدید جانی و مالی نقصان ہوا ۔
لیگ کی مجلس عاملہ کی طرف سے حکومت ہند کی پر زور مذمت ۔

۲۹ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

لیگ لیڈروں کا شملوی مشن ۔
نتائج کا ابھی انتظار کرنا ہوگا ۔

یکم اکتوبر ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲

لیگ کی مجلس عمل ڈائرکٹ ایکشن کا پروگرام مکمل کر چکی ہے ۔
اب مجلس عمل مسلم خواتین کے فرائض متعین کرے گی ۔

۵ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۲

پنجاب مسلم لیگ کی مجلس عمل قائم کر دی گئی ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل کی طرف سے سرکاری اعلان ۔

۱۵ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۳ - ۴

قبائلی علاقہ پر ننگ تہذیب و انسانیت بمباری کی پالیسی ترک کی جائے ۔
مسلم لیگ مجلس عاملہ کا حکومت ہند سے پر زور مطالبہ ۔

۱۵ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

"ٹریبیون" اور "امرت بازار پتریکا" کی مذمت ۔ مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کا اجلاس ۔

۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

Marfat.com

لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
ملک کی فرقہ وارانہ صورت حال پر غور ۔

۱۷ نومبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

آل انڈیا مسلم لیگ کانفرنس ۔
سردار عبدالرب نشتر کو صدارت کی دعوت ۔

۵ دسمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کی کمیٹی آف ایکشن ۔
۱۰ جنوری کو نئی دہلی میں اجلاس منعقد ہوگا ۔

۲۷ دسمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱

ہم ۶ دسمبر کا برطانوی اعلان منظور کرتے ہیں لیکن کسی صوبہ یا اس کے ایک حصہ پر اس کی مرضی کے خلاف کوئی فیصلہ نہ ٹھونسا جائے ۔

آسام اور سکھوں کے خدشات قبل از وقت ہیں ۔
آکثریت پر اعتماد کیا جائے ۔ بلا شبہ مسلم لیگ تقریباً تمام مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے ۔

۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۱ - ۶

یہ امر یقینی نہیں کہ لیگ دستور ساز اسمبلی میں شرکت منظور کر لے ۔

آل انڈیا کانگرس کمیٹی کی قرار داد میں جھگڑے کی گنجائش ہے ۔

۸ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
مسٹر لیاقت علی خان کی کوٹھی رعنا میں منعقد ہوا ۔

۸ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۳

ہندوستان کے موجودہ حالات میں آبادیوں کا تبادلہ خود ہو رہا ہے ۔

مسلم لیگ ہمیشہ اس پالیسی کی حامی اور کانگرس اس کی مخالف رہی ہے ۔

۱۲ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ ، ۶

۲۹ جنوری کو کراچی میں لیگ کا ایک شاندار جلسہ ۔
لیگ ہائی کمان کے ارکان تقریر کر رہے ہیں ۔

۱۳ جنوری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۳

مسلم لیگ کی مخالفت اسلام سے غداری ہے ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۳ ، ۶

مسلم لیگ مجلس عمل ۔
اجلاس دہلی کے بجائے کراچی میں ہوگا ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۶ ، ۳

مسلم لیگ کی قانونی کمیٹی ۔
مسلم لیگ مجلس عمل کا اعلان ۔

۲۹ جنوری ۱۹۴۷ - ۶ ، ۶

پنجاب ، بہار ، ہزارہ اور آسام کی صورت حال کے متعلق مسلم لیگ کی اہم قرار دادیں ۔

۳ فروری ۱۹۴۷ - ۲

قبائلیوں کے خلاف حکومت ہند کے محکمہ امور خارجہ کی جارحانہ کاروائیاں ۔
مسلم لیگ کی طرف سے قرون وسطی کی اس یادگار کو ختم کر دینے کا مطالبہ ۔

۴ فروری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۳ - ۳

مسلمان ظالمانہ اکثریت کے مقابلہ میں متحد اور ثابت قدم رہیں گے ۔
کانگرسی صوبوں میں مسلم لیگ ہر ممکن طریقہ سے مظلوموں کی امداد کرے گی ۔

۴ فروری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۵ - ۶

مسلم لیگ کی قرار داد کراچی کی حمایت ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی کراچی والی قرار داد کی تائید ہے ۔

۶ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۱

لیگ کی قرار داد کراچی کا رد عمل برطانوی حلقوں میں ۔
برطانوی حکومت ابھی تک گو مگو کی حالت میں ہے ۔

۶ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ - ۶

برطانوی کابینہ مسلم لیگ کی قرار داد کراچی پر غور کرے گی ۔

کانگرس لیگ کے شبہات دور کرے ۔ لندنی حلقوں کی رائے ۔

۸ فروری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۱ - ۲

Marfat.com

برطانوی حکومت جانتی ہے کہ مسلم لیگ کو تمام عالم اسلام کی ہمدردی حاصل ہے ۔

مسلم لیگ کی قرار داد کراچی پر کوئی قانونی اعتراض نہیں کیا جا سکتا ۔

۱۳ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۱ - ۲

آل انڈیا مسلم لیگ مجلس عاملہ کا اجلاس ۔

۲۳ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۶

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔

۱۶ مارچ ۱۹۴۷ - ۳ ، ۶

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔ دهلی میں ۔

۱۸ مارچ ۱۹۴۷ - ۳ ، ۶

مسلم لیگ کی مرکزی ریلیف کمیٹی اور قانون کمیٹی کے ارکان ۔

مسلم لیگی نمائندے فساد زدہ علاقوں کا دورہ کریں گے ۔

۳ اپریل ۱۹۴۷ - ۶ ، ۱ -۲

مسلم لیگ کی مجلس عمل کو تمام حالات کا علم نہیں ہے ۔

۵ اپریل ۱۹۴۷ - ۵ ، ۳

مسٹر شنکر راؤ کو مسلم لیگ کے سیکرٹری کا مکتوب ۔

ابھی لیگ ورکنگ کمیٹی کا اجلاس نہیں بلایا جائیگا ۔

۱۵ اپریل ۱۹۴۷ - ۱ ، ۲

مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس دہلی ، ۳۱ مئی ۔

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس کل شام (اتوار) دہلی میں مسٹر لیاقت علی خاں کی کوٹھی میں منعقد ہوا ۔

یکم جون ۱۹۴۷ - ۱ ، ۶

مسلم لیگ ، پنجاب اور بنگال کی تقسیم کی زبردست مخالفت کرے گی ۔

صوبہ سرحد میں از سر نو انتخابات کرائے جائیں گے ۔

۳ جون ۱۹۴۷ - ۲ ، ۳ - ۳

لیگ ورکنگ کمیٹی کا طویل اجلاس ۔

۸ جون ۱۹۴۷ - ۶ ، ۱ - ۲

ہم ابھی آپ کی دعوت قبول نہیں کر سکتے ۔

وائسرائے کو لیگی نمائندوں کا جواب ۔

کانگرس آج اپنے فیصلہ کا اعلان ضرور کر دے گی ۔

۲۰ جون ۱۹۴۷ - ۱ ، ۳ - ۵

لیگ کے جھنڈے میں ترمیم کی جائے گی ۔

۲۷ جولائی ۱۹۴۷ - ۶ ، ۳

آسام مسلم لیگ

مسلم لیگ ہی مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت ہے ۔

صدر آسام صوبہ مسلم لیگ کا بیان ۔

۲۳ اکتوبر ۱۹۴۴ - ۲ ، [illegible]

حکومت آسام کانگرسی لیڈروں کی تجاویز [illegible] نہ کرے ۔

صدر آسام پراونشل مسلم لیگ کا اعلان ۔

۲۴ دسمبر ۱۹۴۴ - ۱ ، [illegible]

آسام لیگ کے سالانہ انتخابات ۔

لائن سسٹم کے خلاف مہم ۔

۱۳ جنوری ۱۹۴۵ - [illegible]

آسام صوبہ لیگ کا انتخاب ۔

مولانا عبدالحمید خان دوبارہ صدر منتخب ہو گئے ۔

۳۰ جنوری ۱۹۴۵ - [illegible]

صدر آسام صوبہ مسلم لیگ ۔

حکومت نے پابندیاں اٹھا لیں ۔

مولانا عبدالحمید خان صدر آسام مسلم لیگ نے پابندیاں اٹھا لیں ۔

۳۰ جنوری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۶

آسام پراونشل مسلم لیگ کا اجلاس ۔

(ہنگامی اجلاس مسلمانوں کے ساتھ ناروا سلوک کرنے اور قرآن مجید کی بے حرمتی کرنے پر) ۔

۱۸ فروری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۱

Marfat.com

آسام کے لائن سسٹم کے خلاف پر زور احتجاج ۔
بنگال پراونشل مسلم لیگ کی ورکنگ کمیٹی کی قرار داد ۔
۲۳ فروری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۳ - ۳

کوئیاری میں گولی چلانے پر حکومت آسام کی مذمت ۔
آسام پراونشل لیگ کونسل کی قرار داد ۔
یکم مارچ ۱۹۴۵ - ۳ ، ۱ - ۲

آسام مسلم لیگ کونسل کا اجلاس ۔
سر سعد اللہ وزیر اعظم آسام ۔
لیگ سے مکمل وفاداری کا اظہار ۔
۱۹ مئی ۱۹۴۵ - ۱ ، ۱

کانگرسی حکومت نے آسام پراونشل لیگ کا ریلیف آفس بند کر دیا ۔
صوبہ کے دیہاتی علاقوں میں دفعہ ۱۴۴ کا نفاذ ۔
مولانا عبدالحمید خاں کا احتجاج ۔
۱۸ ستمبر ۱۹۴۵ - ۱ ، ۳ - ۳

آسام میں لیگ کی شاندار فتح ۔
مسٹر نجم الحق بلا مقابلہ کامیاب ہو گئے ۔
۱۱ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

آسام میں لیگ کی فتح ۔
مولوی منور علی کامیاب ہو گئے ۔
۲۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳

آسام اسمبلی کے انتخابات میں مسلم لیگ کی شاندار فتح۔
مخالف امیدواروں کی ضمانتیں ضبط ہو گئیں ۔
۲۴ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

بارہ لیگی امیدوار آسام اسمبلی کے انتخاب میں کامیاب ہو چکے ہیں ۔
تین لیگی امیدواروں کی کامیابی کا اعلان ۔
۲۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

آسام میں مسلم لیگ کانگرس وزارت سے تعاون نہیں کرے گی ۔
کابینہ میں پچاس فی صدی نمائندگی کا مطالبہ ۔
۸ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

آسام لیگ پارٹی کی قیادت ۔
سر محمد سعد اللہ کا انتخاب ۔
۱۳ مارچ ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

آسام میں سول نا فرمانی شروع ہو جائے گی ۔
مسلم لیگی رکن کا حکومت کو انتباہ ۔
۱۹ ماچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس دو گھنٹے جاری رہا ۔
سر محمد سعد اللہ آسام کو مشرق پاکستان میں شامل کرنے پر زور دیں گے ۔
۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

آسام کے لائن سسٹم کے خلاف احتجاج ۔
صدر صوبہ لیگ بھوک ہڑتال کریں گے ۔
۱۷ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

آسام کے مسلم لیگی زعما کے خلاف مقدمہ ۔
۲ نومبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

مسلمانوں کو ان کی جائداد سے محروم کرنیکی پالیسی انصاف کے ہر اصول کے خلاف ہے ۔
آسام پراونشل مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اعلان ۔
۲۱ نومبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

آسام پراونشل لیگ کے جنرل سیکرٹری ۔
ضلع درانگ میں داخلہ ممنوع قرار دیا گیا ۔
۱۹ دسمبر ۱۹۴۶ - ۳ ، ۶

صدر آسام پراونشل مسلم لیگ ۔
آسام کے مغربی اضلاع میں داخلہ پر پابندی ۔
یکم جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

زمینوں ، مکانات اور دوسری جائداد سے آسامی مسلمانوں کی بیدخلی کی مذمت ۔
حکومت آسام یہ وحشیانہ پالیسی فوراً ترک کر دے ۔
مسلم لیگ کا مطالبہ ۔
آسام لیگ نے بھی تحریک آزادی کے اجراء کا فیصلہ کر لیا ۔
۳ فروری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۵ - ۶

Marfat.com

مقتدر رہنماؤں پر مشتمل مجلس عمل کا تقرر -
۲۵ فروری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۳ - ۴

حکومت آسام کا پیغام لیگی زعما کے نام -
۲۶ فروری ۱۹۴۷ - ۶ - ۱

صدر آسام لیگ کے خلاف مقدمہ کی سماعت ۲۰ مارچ سے شروع ہوگی -
۱۹ مارچ ۱۹۴۷ - ۴ ، ۶

نو آبادکاروں کے خلاف حکومت آسام کی سفاکانہ پالیسی -
آسام مسلم لیگ کے قائم مقام صدر کا حکومت کو انتباہ -
۲ جون ۱۹۴۷ - ۶ ، ۵ - ۶

بہار مسلم لیگ

بہار پراونشل مسلم لیگ کا مطالبہ -
۲۷ جولائی ۱۹۴۴ - ۳

مرکزی اسمبلی کے "آنریبل مسلمانوں" کے رویے پر اظہار افسوس -
بہار صوبہ مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس -
۲۲ نومبر ۱۹۴۴ - ۱ ، ۴ - ۵

بہار لیگ کے خلاف الزامات -
غیر اہم اور بے بنیاد ہیں -
۱۰ جنوری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۶

بہار میں مسلم لیگ کے ممبروں کی تعداد -
مارچ تک ایک لاکھ ہو جائے گی -
۲۴ جنوری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۴

بہار مسلم لیگ کی سرگرمیاں -
مسلم لیگی ممبروں کو بڑھانے کی مہم -
۳ اپریل ۱۹۴۵ - ۴ ، ۴

بہار میں صوبہ لیگ کی صدارت -
مسٹر ایس - اے - عزیز کو جگہ دی جائے -
۱۳ اپریل ۱۹۴۵ - ۱ ، ۲

صوبہ بہار مسلم لیگ کی صدارت -
سید عبدالعزیز کا بیان -
۱۳ جون ۱۹۴۵ - ۶ ، ۴

مسلم لیگ جماعت بافندگان کے لیے کیا کچھ کر رہی ہے -
پٹنہ کے بافندگان سے صدر صوبہ لیگ کا خطاب -
۱۵ جون ۱۹۴۵ - ۵ ، ۶

برطانیہ میں خواہ کوئی حکومت برسر اقتدار آئے ہمارے مطالبات میں کوئی تبدیلی ممکن نہیں -
لیبر پارٹی کی فتح پر بہار مسلم لیگ کے صدر کا بیان -
۲۹ جولائی ۱۹۴۵ - ۵ ، ۳ - ۴

بہار لیگ کی صدارت
سید حسین امام کا انتخاب -
۸ اگست ۱۹۴۵ - ۵ ، ۳ - ۴

بہار لیگ پارلیمنٹری بورڈ -
بورڈ کے پاس ۲۰ اپیلیں کی گئی ہیں -
۱۱ جنوری ۱۹۴۶ - ۳ ، ۳

پٹنہ میں مرکزی پارلیمنٹری بورڈ کا اجلاس -
صوبائی لیگ کے خلاف اپیلوں کی سماعت -
۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

لیگ کا مرکزی پارلیمنٹری بورڈ -
پٹنہ میں اجلاس ختم ہو گیا -
۱۸ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

صوبہ مسلم لیگ توجہ کرے -
(امدادی فنڈ کے بارے میں)
۴ اپریل ۱۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۲

بہار لیگ پارٹی کے صدر کا بیان -
وزیر اعظم بہار کے بیان کی تردید -
۱۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

بہار کی مسلم لیگ پارٹی -
ایوان سے واک آؤٹ کر گئی -
۱۳ نومبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

Marfat.com

بھاگلپور لیگ کے سابق صدر رہا نہیں کیے گئے ۔
۱۷ نومبر ۱۹۴۶ - ۵،۵

بہار کے قتل عام کی نظیر دور امن کی تاریخ میں نہیں مل سکتی ۔ کانگرسی وزارت اس سانحہ عظیم کی ذمہ داری سے مبرا نہیں ہو سکتی ۔
مجرمین گرفتار کرنے کے لیے ابھی تک کوئی کاروائی نہیں کی گئی ۔
وائسرائے بہار کی صورت حال میں فوراً مداخلت کریں ۔
لیگ کی مجلس عمل کی مفصل قرار داد ۔
۲۰ نومبر ۱۹۴۶ - ۲،۱ - ۶

سانحہ بہار کی تحقیقات کے لیے آزاد انکوائری کمیشن قائم کیا جائے ۔
عدالت میں مجرمین پر مقدمے چلائے جائیں ۔
بہار لیگ اسمبلی پارٹی کا مطالبہ ۔
۱۹ دسمبر ۱۹۴۶ - ۲،۱ - ۲

بہار کے گورنر سے لیکر چوکیدار تک سب کے طرز عمل کی تحقیقات کی جائے ۔
صوبائی لیگ کے مطالبات ۳۰ جنوری تک تسلیم کر لیے جائیں ۔
۱۴ جنوری ۱۹۴۶ - ۱،۳ - ۴

بہار صوبہ لیگ کے نئے صدر ۔
جسٹس جعفر امام کا انتخاب ۔
۱۲ فروری ۱۹۴۷ - ۵،۱

صوبہ بہار کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا جائے ۔
صدر بہار لیگ کا مطالبہ ۔
صوبہ میں کئی ایسے علاقے ہیں جہاں مسلمان اور غیر ہندو اکثریت میں ہیں ۔
۸ اپریل ۱۹۴۷ - ۱،۱ - ۶

بہار اسمبلی مسلم لیگ پارٹی

بہار لیجسلیٹو کونسل کے انتخابات ۔
مسلم لیگی امیدوار بلا مقابلہ منتخب ہو گئے ۔
۱۴ فروری ۱۹۴۶ - ۱،۶

بہار پرائمری ایجوکیشن بل ۔
لیگی ممبران کی مخالفت ۔
۳۰ مئی ۱۹۴۶ - ۱،۴

بہار اسمبلی میں لیگی رکن کی تحریک التوا ۔
صدر نے پیش کرنے کی اجازت دے دی ۔
۱۹ جون ۱۹۴۶ - ۳،۶

بہار اسمبلی میں زمینداری کی تنسیخ کی قرار داد منظور ۔
مسلم لیگی ارکان واک آؤٹ کر گئے ۔
۲۸ جولائی ۱۹۴۶ - ۵،۴

بلوچستان مسلم لیگ

مسلم لیگ کوئٹہ کا جلسہ ۔
زیر صدارت حاجی علی بہادر منعقد ہوا ۔
۷ مارچ ۱۹۴۶ - ۴،۱

بلوچستان لیگ کی قرارداد ۔
پراونشل مسلم لیگ کا یہ اجلاس مسلمانوں کی واحد نمائندہ جماعت مسلم لیگ کے نصب العین پاکستان پر مکمل اعتماد کرتا ہے ۔
۲۸ مارچ ۱۹۴۶ - ۶،۵

بلوچستان کی صوبائی لیگ کے مطالبات ۔
یورپین لیڈی ایجوکیشنل سپرنٹنڈنٹ مقرر نہ کی جائے ۔
۱۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۶،۳ - ۴

لورا لائی میں لیگ کا انتخاب ۔
۷ مئی ۱۹۴۶ - ۵

کوئٹہ میں لیگ کا شاندار جلسہ ۔
زیر صدارت حاجی رحمت اللہ خان ۔
۸ جون ۱۹۴۶ - ۴،۵ - ۶

لورالائی میں لیگ کا جلسہ ۔
شیر محمد صاحب دیرہ والے کی تقریر قابل ذکر تھی ۔
عید کے موقع پر اڑائی گئی افواہ کی طرف توجہ دلائی ۔
(جو یہ تھی کہ عید کے دن مسلمان بلہ بولنے والے ہیں) ۔
۱۱ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵،۶

Marfat.com

ابتدائی مسلم لیگ اسلام آباد (کوئٹہ) کا سالانہ انتخاب -
۲۶ مارچ ۱۹۴۷ - ۱، ۵

کوئٹہ میں سٹی لیگ کے عہدیداروں کا انتخاب -
۳۰ مارچ ۱۹۴۷ - ۱، ۶

سٹی لیگ کوئٹہ کے عہدیدار -
۹ اپریل ۱۹۴۷ - ۶، ۶

بلوچستان مسلم لیگ توجہ کرے -
۱۶ اپریل ۱۹۴۷ - ۲، ۵

انتخاب صوبہ مسلم لیگ بلوچستان -
۲۱ مئی ۱۹۴۷ - ۱، ۳

بنگال مسلم لیگ

بنگال اور آسام کی صوبائی لیگوں میں اشتراک عمل پیدا کیا جائے -
آسام مسلم ایسوسی ایشن کی قرا داد -
۱۸ اگست ۱۹۴۴ - ۱، ۳ - ۲

بنگال مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس -
میٹنگ بند کمرہ میں ہوئی - مسلم لیگ کو مستحکم بنانے پر غور -
۱۸ اگست ۱۹۴۴ - ۳، ۲

بنگال مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس -
پٹرہ ڈسٹرکٹ مسلم لیگ کا انتخابی تنازعہ اور نواکھلی ڈسٹرکٹ لیگ کی کارروائی پر بحث ہوئی -
۳۰ اگست ۱۹۴۴ - ۳، ۱

بنگال پراونشل مسلم لیگ کا اخبار -
بنگالی زبان میں ایک ہفتہ وار اخبار نکالنے کا فیصلہ -
۶ نومبر ۱۹۴۴ - ۲، ۳

بنگال میں ۵۰ لاکھ مسلم لیگ کے ممبر بن چکے ہیں -
ممبروں کی تعداد ایک کروڑ تک پہنچ گئی -
۲۰ نومبر ۱۹۴۴ - ۱، ۳ - ۲

بنگال مسلم لیگ کا انتخاب -
مولانا اکرم خان بنگال پراونشل مسلم لیگ کے صدر اور مسٹر ابو ہاشم جنرل سیکرٹری منتخب ہو گئے -
۲۲ نومبر ۱۹۴۴ - ۳، ۵ - ۶

لائن سسٹم کی منسوخی کے لیے فنڈ -
مولانا محمد اکرم خان صدر بنگال اور لیگی لیڈروں کا مطالبہ -
۱۵ مارچ ۱۹۴۵ - ۱، ۳

امپیریلزم کی مخالف جماعتیں آپس میں متحد و متفق ہو جائیں -
بنگال مسلم لیگ کے انقلابی منشور کی دعوت عمل -
۲۷ مارچ ۱۹۴۵ - ۱، ۱ - ۲

لیگ ماڈل آئین تمام صوبوں میں نافذ ہے -
بنگال مسلم لیگ کے انتظامی مناقشوں کے متعلق مجلس عمل کا فیصلہ -
۱۲ مئی ۱۹۴۵ - ۶، ۵

بنگال کی صوبائی مجالس آئین ساز کے انتخابات -
بنگال پراونشل مسلم لیگ کا فیصلہ -
۳۰ اگست ۱۹۴۵ - ۶، ۲ - ۳

بنگال اسمبلی کے مسلم لیگی امیدوار -
۹۷ امیدواروں کی فہرست شائع ہوئی -
۵ فروری ۱۹۴۶ - ۲، ۳

بنگال میں تمام مسلم حلقوں سے مسلم لیگی امیدوار کامیاب ہو رہے ہیں -
"سول" کے نامہ نگار مقیم بنگال کے تاثرات -
۲۳ مارچ ۱۹۴۶ - ۱، ۱ - ۲

اسلامیان بنگال منظم ہو جائیں -
صدر بنگال مسلم لیگ کا بیان -
۲۷ مارچ ۱۹۴۶ - ۶، ۳

بنگال میں مسلم لیگ کی فتح نے کانگرس کی امیدوں پر پانی پھیر دیا -

Marfat.com

اب لیگ کو نظرانداز کرنے کے نتائج اچھے نہ ہوں گے ۔

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

صوبہ بنگال میں مسلم لیگ کی وزارت بن گئی ۔
کابینہ میں سات مسلم لیگی اور ایک اچھوت ممبر لیا گیا ۔

۲۴ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

بنگال میں مسلم لیگ وزارت کے ارکان نے حلف وفاداری اٹھا لیے ۔
صوبہ میں رشوت ستانی اور چور بازاری کو ختم کر دیا جائے گا ۔

۲۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

بنگال میں سیاسی اسیروں کی رہائی ۔
لیگ وزارت کا پہلا کارنامہ ۔

یکم مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۴

پاکستان کانفرنس لال باغ مسجد ڈھاکہ ۔
اجلاس زیر اہتمام پوستہ مسلم لیگ ڈھاکہ ۔ زیر صدارت مولانا ظفر احمد منعقد ہوا ۔

۸ مئی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۴

بنگال اسمبلی میں لیگ کی شاندار فتح ۔
مسلم لیگی امیدوار سپیکر منتخب ہو گیا ۔

۱۶ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

کلکتہ میں شدید بارش کے باعث ہزاروں مکانات گر گئے ۔
بنگال پراونشل لیگ کی ریلیف کمیٹی نے ایک ہزار اشخاص کی جانیں بچائیں ۔

۱۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵ - ۶

صوبہ بہار میں فسادات کی آگ ابھی فرو نہیں ہو سکی ۔
بنگال مسلم لیگ کا وفد خواجہ ناظم الدین کی قیادت میں بھاگل پور پہنچ گیا ۔

۷ نومبر ۱۹۴۶

صدر بنگال مسلم لیگ عہدہ صدارت سے مستعفی ہوگئے ۔
استعفی کے بعد بھی لیگ کی خدمت کریں گے ۔

۹ نومبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

آسام کے بنگالی آباد کاروں کی بے دخلی کے خلاف بنگال مسلم لیگ کا احتجاج ۔
بنگالی آباد کاروں کی جد و جہد کو کامیاب بنانے کا اہم اقدام ۔

۱۰ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۱ - ۲

بنگال کی لیگ وزارت جاگیردارانہ نظام ختم کر دے گی ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵

بنگال کے زمینداری سسٹم کو بنیادی طور پر تبدیل کیا جائے گا ۔
مسلم لیگ وزارت کا مستحسن اقدام ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ - ۶

بنگال مسلم لیگ ۔
مولانا فضل الحق صدارت کے امیدوار ہیں ۔

۴ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۲

بنگال کی لیگ وزارت کے خلاف تحریک التوا ۔
بنگال کونسل میں بری طرح ناکام ہو گئی ۔

۱۲ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ - ۶

مولانا محمد اکرم خان صدر بنگال مسلم لیگ نے استعفیٰ واپس لے لیا ۔

۱۶ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۱ - ۲

بنگال کے آئیندہ آئین کے متعلق گفت و شنید کرنے کے لیے لیگ نے کمیٹی قائم کر دی ۔
بنگال مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کی طرف سے شر انگیزی کی مذمت ۔

۲ مئی ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ - ۶

صرف بنگال لیگ کی قائم کردہ کمیٹی ہی کسی غیر مسلم جماعت سے صلح کی گفت و شنید کر سکتی ہے ۔
بنگال پراونشل مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری کا اعلان ۔

۲۱ مئی ۱۹۴۷ - ۳ ، ۳ - ۴

Marfat.com

بنگال مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
سمجھوتہ کی شرائط میں رد و بدل نہیں ہوا ۔
۲۸ مئی ۱۹۴۷ - ۶ ، ۳

بنگال مسلم لیگ کی طرف سے صوبائی آئین کے بارے میں شائع شدہ تجاویز سے قطع تعلق کا اعلان ۔ (حواشی)
۳۰ مئی ۱۹۴۷ - ۱

سمجھوتہ کی نام نہاد شرائط سے لا تعلقی کا اظہار اور مطالبہ پاکستان کی تائید ۔
بنگال کے آئندہ آئین کے بارے میں مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا فیصلہ ۔
۳۰ مئی ۱۹۴۷ - ۱ ، ۵ - ۶

بنگال میں مسلم لیگ انتقال اقتدار تک موجودہ وزارت قائم رکھنا چاہتی ہے ۔
یکم جولائی ۱۹۴۷ - ۲ ، ۲ ، ۳

مسلم لیگ کی طرف سے کلکتہ کو پاکستان میں شامل کرنے کا مطالبہ ۔
یہ شہر مشرق بنگال کے ذرائع سے تعمیر ہوا ہے ۔
۲۴ جولائی ۱۹۴۷ - ۲ ، ۱ ، ۲

بمبئی مسلم لیگ اسمبلی پارٹی

ڈسٹرکٹ مسلم لیگ بمبئی کا سالانہ اجلاس ۔
اجلاس میں مسٹر ایچ۔ایم۔ غازی کو بلا مقابلہ صدر منتخب کر لیا گیا ۔
۲۳ اکتوبر ۱۹۴۴ - ۲ ، ۳ - ۴

بمبئی پراونشل مسلم لیگ کا اجلاس ۱۵ نومبر کو نواب اسماعیل خان صدر یو ۔ پی پراونشل مسلم لیگ کی صدارت میں شروع ہوگا ۔
۲۹ اکتوبر ۱۹۴۴ - ۲ ، ۶

صوبہ مسلم لیگ بمبئی ۔
انتخابی جھگڑے کے متعلق خبریں ۔ مسٹر چندریگر نے قائد اعظم سے مداخلت کی درخواست کی ۔

معطل لیگ کے بعض لیڈر نام چاہتے ہیں اور کام کرنا نہیں چاہیے ۔
۱۸ جنوری ۱۹۴۵ - ۲ ، ۳ - ۴

مسٹر چندریگر منتخب ہوگئے ۔
بمبئی لیگ کے سالانہ اجلاس کی کونسل میں ۔
۳۰ جنوری ۱۹۴۵ - ۴ ، ۴

بمبئی پراونشل مسلم لیگ کا انتخاب ۔
مسٹر چندریگر متفقہ طور سے منتخب ہوئے ۔
۳۱ جنوری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۳ - ۴

مسلم لیگ، بمبئی اسمبلی کی تمام نشستوں پر قابض ہو جائے گی ۔
گرفتاری جہازی ملازمین کے لیے لیگ نے ڈیفنس کمیٹی مقرر کر دی ۔
۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

صوبہ بمبئی مسلم لیگ کی شان دار کامیابی ۔
تمام مسلم نشستوں پر مسلم لیگ کا قبضہ ۔
۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱

بمبئی اسمبلی کی ڈپٹی سپیکر شپ ۔
لیگ کوئی امیدوار کھڑا نہیں کر رہی ۔
۲۲ مئی ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲ ، ۳

صدر صوبہ لیگ بمبئی کا بیان ۔
۱۱ اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

مسلمانان بمبئی پر امن رہیں ۔
صدر صوبہ لیگ بمبئی کی اپیل ۔
۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۲

بمبئی اسمبلی سے لیگ پارٹی کا واک آؤٹ ۔
۲۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۴

بمبئی اسمبلی میں لیگ کی تحریک التوا ۔
۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

Marfat.com

بمبئی اسمبلی کی لیگ پارٹی کے لیڈر کا انتخاب ۔
۹ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۲

سرحد مسلم لیگ

مسلم لیگ ہری پور کا انتخاب ۔
۳ اگست ۱۹۴۴ - ۳ ، ۱

وزارت سرحد کے خلاف پراپیگنڈا کی تردید ۔
آنریری سیکرٹری مسلم لیگ کا اعلان ۔
۲۶ نومبر ۱۹۴۴ - ۲ ، ۱

پشاور کے ترق پسند مسلم لیگی ۔
لیگ میں نئی تنظیمی لہر ۔
۹ فروری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۶

صوبہ سرحد لیگ کے انتخاب ۔
ترق پسند عناصر کی پوزیشن ۔
(سید مظہر سیکرٹری پراونشل ترق پسند عناصر لیگ ، پشاور) ۔
۱۶ فروری ۱۹۴۵ - ۳ ، ۱ - ۲

صوبہ سرحد کی مسلم لیگ اور اس کی ملحقہ شاخوں کو توڑ دیا گیا ۔
آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عمل کا فیصلہ ۔
۱۹ اپریل ۱۹۴۵ - ۴ ، ۱ - ۲

سرحد میں لیگ کی تعمیر جدید ۔
تیاریاں شروع ہو گئیں ۔
۱۹ مئی ۱۹۴۵ - ۵ ، ۲

سرحد میں تیس ہزار سے زائد اشخاص لیگ کے رکن بن چکے ہیں ۔
قاضی عیسیٰ ممبر مجلس عاملہ مسلم لیگ نے بیان دیا ۔
۲۰ مئی ۱۹۴۵ - ۶ ، ۴

مانسہرہ مسلم لیگ کا جلسہ ۔
شان دار جلسہ زیر صدارت حافظ محمد خان منعقد ہوا ۔
۲۰ مئی ۱۹۴۵ - ۴ ، ۳

ضلع ہزارہ میں مسلم لیگ کی سرگرمیاں ۔
ہڑکنڈ میں مسلم لیگ کا ہنگامہ خیز اجلاس ۔
۶ جون ۱۹۴۵ - ۴ ، ۲

ایبٹ آباد میں مسلم لیگ کی سرگرمیاں ۔
اجلاس زیر صدارت خان محمد اسلم خان منعقد ہوا ۔

صوبہ سرحد میں مسلم لیگ کی مقبولیت حد درجہ ہے ۔
مولانا ابوالرضوان ۔
یکم اگست ۱۹۴۵ - ۴ ، ۳ - ۴

مسلم لیگ کی قومی اور ملی سرگرمیاں ۔
صوبہ سرحد میں مسلم لیگ کی تنظیم کا شان دار پروگرام ۔

ضلع ہزارہ کے مسلمان کارکنوں کا جلسہ ۔
۱۴ اگست ۱۹۴۵ - ۴ ، ۵ - ۶

مانسہرہ مسلم کی سرگرمیاں ۔
اجلاس زیر صدارت کازمان خان منعقد ہوا ۔
۹ اگست ۱۹۴۵ - ۴ ، ۵

چار سدہ میں لیگ کا قیام ۔
انتخاب ہوا ۔
۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳

لیگ کی کامیابی کی نظیر تاریخ عالم میں نہیں مل سکتی ۔
۱۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

سرحد مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۔
انتخابات کی تاریخوں کے التوا پر احتجاج ۔
۲۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

ضلع مردان صوبہ سرحد میں مسلم لیگ کی سرگرمی ۔
حلقہ میں امیدواروں کے انتخابی کیمپ قائم کیے گئے ۔
۲۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

مسلم لیگی کارکنوں پر تشدد کے خلاف پشاور میں احتجاج ۔
شان دار پبلک جلسہ میں زعمائے لیگ کی تقاریر ۔
۳۰ جنوری ۱۹۴۶ - ۹ ، ۱ - ۲

Marfat.com

ڈیرہ اسماعیل خان میں لیگ کامیاب ہوگی ۔
نواب قطب الدین خان اور مولانا عبدالحامد بدایونی کی کوششیں لیگی امیدواروں کے حق میں ۔
۳۰ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

سرحد اسمبلی کے انتخابات میں جاگیرداروں کے حلقے ۔
لیگی امیدواروں کو نمایاں کامیابی حاصل ہو رہی ہے ۔
۳۰ جنوری ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵ - ۶

سرحد میں ایک لیگ امیدوار کی کامیابی ۔
کانگرس اور جمیعت العلماء کو شکست ۔
۵ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

لیگی ممبران اسمبلی کا خیر مقدم ۔
موجودہ حالات سے حاضرین کو آگاہ کیا ۔
۱۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

ضلع مردان میں مسلم لیگ کے جلسے ۔
زیر صدارت خان محمد متین خان ۔
سردار عبدالرب نشتر ، شمشاد اور محمد صفدر نے ولولہ انگیز تقریریں کیں ۔
۱۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

کوہاٹ میں صوبائی مسلم لیگ تنظیمی کمیٹی کا اہم اجلاس ۔
تنظیمی پروگرام اور غلہ کے متعلق اہم فیصلے ۔
۱۹ مئی ۱۹۴۶ - ۴ ، ۲ - ۳

ایبٹ آباد میں مسلم لیگ کا جلسہ ۔
زیر صدارت قاضی عبدالواحد صاحب ۔
۳۱ مئی ۱۹۴۶ - ۴ ، ۲

اکوڑہ خٹک میں مسلم لیگ کا جلسہ ۔
لیڈران نے پاکستان اور موجودہ سیاست پر تقریریں کیں ۔
یکم جون ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵ - ۶

ضلع مردان میں لیگ پراپیگنڈہ ۔
جلسوں کا پروگرام ۔
۲۶ جون ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

ضلع مردان میں مسلم لیگ کا کامیاب دورہ ۔
۶ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

صوبہ سرحد میں مسلم لیگ کے پروپیگنڈے کے لیے وسیع انتظامات ۔
مجلس عمل کی مسلم وکلا سے میدان عمل میں داخل ہونے کی اپیل ۔
۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

ایبٹ آباد میں لیگ کا جلسہ ۔
وزیرستان میں بمباری کی مذمت ۔
۱۹ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵

وزیرستان میں فضائی بمباری فوراً بند کی جائے ۔ سرحد لیگ کا مطالبہ ۔
بمبئی میں پٹھانوں کے کشت و خون کی پر زور مذمت ۔
۲۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

سرحد مسلم لیگ کا وفد بمبئی میں ۔
پٹھانوں پر تشدد کی تحقیق کرے گا ۔
۲۶ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

بمبئی میں سرحد کے مسلم لیگی وفد کی سرگرمیاں ۔
وزیر اعظم بمبئی مسٹر کھیرے اور ہوم منسٹر مرار جی ڈیسائی سے ملاقات کی اور انہیں بمبئی میں پٹھانوں سے کیے گئے مظالم سے آگاہ کیا ۔
۲۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

پشاور سٹی لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔
زیر صدارت مسٹر فدا محمد خان وکیل ۔
۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱

مسلم لیگ حویلیاں کا عارضی انتخاب ۔
۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۴

سرگرمیاں سٹی مسلم لیگ کوہاٹ ۔
(جلسہ ہوا ، اسی وقت پرائمری مسلم لیگ قائم کی) ۔
۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۴

Marfat.com

سرحد لیگ کی مجلس عمل کا تبلیغی دورہ ۔

۸ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۲

پشاور میں مسلم لیگ کا شان دار جلسہ ، قبائلی نمائیدوں کی تقاریر ۔

پنڈت نہرو کے دورہ وزیرستان کے متوقع ناخوش گوار نتائج کے خلاف انتباہ ۔

۱۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

سرحد میں لیگ کی سرگرمیاں ۔

عظیم الشان جلسے کیے اور مسلم لیگ کا پیغام پہنچایا ۔

۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

ایبٹ آباد میں لیگ کا جلسہ ۔

مسٹر جلال الدین خان ایم ۔ ایل ۔ اے صدر مسلم لیگ نے کہا کہ ... کے خلاف جو مظاہرے کیے گئے ہیں اس کی تمام ذمہ داری خان برادران پر عائد ہوتی ہے ۔

۲۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۲

مسلم لیگی مظاہرے نائب صدر کے خلاف تھے ۔

صدر ڈسٹرکٹ مسلم لیگ پشاور کا بیان ۔

۲۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

مانسہرہ میں ابتدائی لیگ کا قیام ۔

عہدیدار منتخب ہوئے ۔

۲۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۲

بنوں میں لیگ کا شاندار جلسہ ۔

زیر صدارت خان محمد اکبر خان منعقد ہوا ۔

۲۴ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

صوبہ سرحد میں مسلم لیگ برسر اقتدار آنے والی ہے ۔

اچھوتوں کی اب بھی اشک شوئی کی جا سکتی ہے ۔

۲۹ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

مسلم لیگ پارٹی سرحد اسمبلی سے واک آؤٹ کر گئی ۔

تحریک ہائے التوا پیش کرنے کی اجازت نہ دی گئی ۔

۱۳ نومبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

صوبہ سرحد میں کسی شخص کو سرکاری خطاب سے نوازا نہ جائے ۔

منشیات کے استعمال کی ممانعت کی جائے ۔ لیگ پارٹی کے مطالبات ۔

۲۳ نومبر ۱۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۲

بہار کے یتیم بچے سرحد میں پناہ لیں ۔

مردان میں سرکردہ اصحاب مسلم لیگ نے قرار داد پاس کی ۔

۲۶ نومبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵

اکوڑہ خٹک مسلم لیگ کا عظیم الشان جلسہ ۔

زیر صدارت میاں ماہتاب الدین صدر مسلم حلقہ جنوبی منعقدا ہوا ۔

۵ دسمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

کوہاٹ کے دیہات میں لیگی زعماء کا دورہ ۔

۱۰ دسمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

ہندو اکثریت کے صوبوں کے مسلمانوں کی ہر ممکن امداد کا انتظام ۔

سرحد مسلم لیگ نے ایک بورڈ قائم کر دیا ۔

۱۳ دسمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

ضلع ہزارہ میں بیرونی حملے ۔

صدر ضلع مسلم لیگ کی تقریر ۔

۱۸ دسمبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۵

مالا کنڈ ایجنسی میں لیگ ۔

عہدیدار چنے گئے ۔

۲۰ دسمبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۳

مسلم لیگ آل کرم ایجنسی کی سرگرمیاں ۔

جلسہ منعقدا ہوا ۔

پاکستان کے حصول کے لیے تیار رہنے کی تلقین ۔

۸ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۵ - ۶

قبائلی علاقہ میں مسلم لیگ کی سرگرمیاں ۔

حصول پاکستان کے لیے ہر طرح لیس ہونے کی تلقین ۔

۱۰ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۱

Marfat.com

ڈیرہ اسماعیل خان میں لیگ کا جلسہ -
زیر صدارت نواب زادہ ذوالفقار علی خان -

۱۰ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۵

ذیلی کمیٹیوں میں لیگی ارکان کی نامزدگی کا اختیار لیگ پارٹی ہی کو حاصل ہے -
سرحد اسمبلی میں وزارت اور حزب مخالف کے درمیان تعطل -

۱۲ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۳ - ۳

صوبہ سرحد میں مسلم لیگیوں پر عرصہ حیات تنگ ہے -
مناسب اقدام کے لیے سب کمیٹی کی تشکیل -

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۱

گلمنگ (پوتی) میں ابتدائی مسلم لیگ کا قیام -
عہدیداران کا انتخاب -

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۱ - ۲

صوبہ مسلم لیگ سرحد متوجہ ہو -
اسلامیان ہزارہ کی فریاد -

۱۷ جنوری ۱۹۴۷ - ۵ ، ۳

سرحد میں مسلم لیگ نے کانگرس کے اقتدار کا جنازہ نکال دیا - کہال زئی کے ضمنی انتخاب میں لیگ کی شاندار فتح -

برطانوی حکومت کا فیصلہ کانگرس کے خلاف ہوگا -
پاکستان عالم اسلام کے خلاف خطرات کی راہ میں سد سکندری ثابت ہوگا - (جمال الحسینی) (حواشی) -

۱۵ فروری ۱۹۴۷ - ۱

کہال زئی کے ضمنی انتخاب میں مسلم لیگی امیدوار کی شاندار کامیابی -

کانگرس کی عبرت ناک شکست کے اعلان کے بعد مردان میں لیگ کا تاریخی جلوس -

۱۵ فروری ۱۹۴۷ - ۱ ، ۳ - ۴

مسلمانان ہزارہ پر امن رہیں - غیر مسلم حضرات پراساں نہ ہوں -

ایبٹ آباد کے مسلم لیگی زعماء کی اپیل -

۱۸ مارچ ۱۹۴۷ - ۳ ، ۱ - ۲

ڈیرہ اسماعیل خان میں مسلم لیگ کا اجلاس - ۶۰ رضاکاروں کی گرفتاری -

مقررین کی طرف سے عوام کو پر امن رہنے کی تلقین -

۱۸ مارچ ۱۹۴۷ - ۳ ، ۳ - ۳

قائداعظم آج فرنٹیئر میل سے لاہور پہنچیں گے ۔

۱۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

جشن فتح ۔
۱۱ جنوری کو قائداعظم نے بچوں اور غریبوں کو چائے پلائی اور مٹھائی تقسیم کی ۔

۱۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۴ ، ۲

اسلامیہ کالج لاہور میں جلسہ ۔
قائداعظم تقریر فرمائیں گے ۔

۱۳ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

لیگی زعماء قائداعظم کی خدمت میں ۔
سر فیروز خان نون ، میاں ممتاز دولتانہ اور سردار شوکت حیات نے سیاسیات کے متعلق تبادلہ خیالات کیا ۔

۱۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

پنجاب میں مسٹر جناح کو کہیں بھی تقریر نہیں کرنے دیں گے ۔
ہم دیکھیں گے کہ جناح کیسے زندہ رہ سکتا ہے ۔
خاکسار لیڈر مشرقی کی ہرزہ سرائی ۔
آج لاہور میں قائداعظم پر خاکساروں کے حملے کی افواہ پھیل گئی ۔ مسلمانوں کا ہجوم ممدوٹ کی کوٹھی پر ۔
مایوس لوگ ایسی افواہیں پھیلایا ہی کرتے ہیں ۔
مسلمان مشتعل نہ ہوں ۔ (قائداعظم محمد علی جناح) ۔

۱۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۵

قائداعظم سے ایک چھ سالہ بچی کی عقیدت ۔
قائداعظم کے گلے میں پھولوں کا ہار ڈالا ۔

۱۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

حبیبیہ ہال میں مسلم طلبہ کا جلسہ ۔
قائداعظم تقریر فرمائیں گے ۔

۱۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

اسلامیہ کالج فار ویمن میں جلسہ ۔
قائداعظم تقریر فرمائیں گے ۔
(بیگم بشیر احمد صدر مسلم لیگ خواتین کمیٹی) ۔

۱۶ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

قائداعظم ۱۹ جنوری کو واپس دہلی روانہ ہو جائیں گے ۔
آج انہوں نے مال روڈ کی دکانوں سے اشیاء خریدیں ۔

۱۶ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

صدر جموں اور کشمیر مسلم کانفرنس ۔
قائداعظم سے ملاقات کریں گے ۔

۱۶ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

لارنس گارڈن کے قریب قائداعظم کوٹھی خریدیں گے ۔
قائداعظم کی خواہش ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳

لیگی کارکنوں سے قائداعظم کی ملاقات ۔
ممدوٹ ولا میں ملاقات ہوئی ۔

۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳

Marfat.com

جموں و کشمیر کے لیڈر لاہور میں -
قائداعظم جناح سے ملاقات -
۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

سندھ میں مسٹر سید اور اس کے حواریوں کو شکست دی جائے -
مسٹر یوسف ہارون کو قائداعظم کا فرمان -
۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

حبیبیہ ہال میں قائداعظم کی تقریر -
غیر طالب علموں کے لئے ٹکٹ دس روپے -
مسلم طلبہ کو خطاب کریں گے -
۱۷ جنوری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

کانگرس تمام ہندوستان کی اجارہ داری چاہتی ہے -
پاکستان اور ہندوستان بہترین ہمسائے ہونگے -
خواتین کے اجتماع میں قائداعظم کی تقریر -
۱۸ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

یوم مکافات آ رہا ہے - مجرم قانون و انصاف کے آہنی پنجہ سے نہ بچ سکیں گے -
یونینسٹ پارٹی نوکر شاہی کے پٹھوؤں کا مجموعہ ہے -
حبیبیہ ہال لاہور میں قائداعظم کی ولولہ انگیز تقریر -
۱۸ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۵

قائداعظم -
(از - خان افتخار الدین احمد ایڈووکیٹ جالندھر)
۱۸ جنوری ۲۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۲

لینن ، اتاترک اور جناح -
ایسے آدمی تاریخ نے بہت کم پیدا کئے ہیں -
۱۸ جنوری ۱۹۴۶ - ۳ ، ۵

خوش قسمت قوم -
جناح کی کامیابی مسلمانوں کو مجتمع اور منظم اور انہیں بیدار کرنے میں ہے -
۱۸ جنوری ۱۹۴۶ - ۳ ، ۵ - ۶

قائداعظم کی سردار اورنگزیب سے ملاقات -
سردار صاحب آج ہی پشاور سے لاہور پہنچے -
۱۸ جنوری ۱۹۵۶ - ۳ ، ۵ - ۶

مرکزی اسمبلی کی لیگ پارٹی -
قائداعظم لیڈر منتخب ہوئے -
۲۰ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

قائداعظم پنجاب کو تین لاکھ روپے کی امداد دیں گے -
پنجاب کے بعد وہ یو - پی اور بنگال کا دورہ کرینگے -
۲۹ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۵

انڈونیشیا میں اتحادی پالیسی شرمناک ہے -
(قائداعظم)
۲۲ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۶

علامہ مشرقی کے مرید بے ایمان ہیں یا جاہل مطلق -
قائداعظم کے خلاف ایک مضحکہ خیز الزام -
مسٹر جناح کے کیریکٹر کی عظمت کا اعتراف -
۲۲ جنوری ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲ - ۵

مسٹر گاندھی نے قائداعظم کی نیک نیتی کا اعتراف کیا -
پارلیمانی وفد کی مسٹر گاندھی سے دوسری ملاقات -
۲۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

اعراب فلسطین کو ہر ممکن امداد دی جائے گی -
قائداعظم کا اعلان -
۲۶ جنوری ۱۹۴۷ - ۲ ، ۵ - ۶

مسلم لیگ کوئی عارضی انتظام حکومت قبول نہیں کرے گی -
برطانوی حکومت اور وائسرائے ، پاکستان تسلیم کریں -
برطانوی ہند کے لئے صرف ایک مجلس دستور ساز کو قبول نہیں کیا جائے گا - (قائداعظم کا بیان)
۲۹ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۱

گاندھی جی اور مسٹر جناح دونوں آزادی کے خواہاں ہیں۔
مسٹر ہویکی مورس رکن پارلیمانی وفد کے خیالات ۔
۲۹ جنوری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

اسلامی ہند قائداعظم کے ساتھ ہے ۔
مسئلہ ہند کے حل کے لئے پاکستان ضروری ہے ۔
یکم فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

فوڈ ممبر کی قائداعظم سے ملاقات ۔
۶ فروری ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

ہمارا مقصد وزارتیں بنانا نہیں ہے ۔ (قائداعظم)
پارلیمانی وفد کی قائداعظم سے دوسری ملاقات ۔
۵ جنوری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۴ - ۵

مسلم طلباء کو سیاسیات میں حصہ لینا چاہیئے ۔
مسٹر جناح کا علیگڑھ کے طلباء کو خطاب ۔
۵ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

خان آف قلات کے اعزاز میں ڈنر ۔
قائداعظم نے دیا ۔
۸ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

کیپٹن عبدالرشید کی سزایابی پر قائداعظم کا احتجاج ۔
کمانڈر انچیف پر جانبداری کا الزام ۔
۸ فروری ۱۹۴۵ - ۱ ، ۱ - ۲

میں مسلمانان کشمیر کی ہر مدد کو تیار ہوں ۔
قائداعظم کا اعلان ۔
۸ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

دنیا میں صرف طاقت ھی اپنا مطالبہ منوا سکتی ہے ۔
(قائداعظم) ۔
ہمارا خون شکست نا آشنا ہے ۔
۱۲ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

قائداعظم سے وائسرائے ہند کی ملاقات ۔
ملک کی غذائی حالت پر تبادلہ خیالات ۔
شدید اختلافات کے باوجود امداد ۔
وائسرائے کو قائداعظم نے کیا جواب دیا ۔
۱۳ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

اگر شاہنواز اور اس کے ساتھی رہا کئے جاسکتے تھے تو عبدالرشید کو قربانی کا بکرا کیوں بنایا جا رہا ہے ۔
آزاد ہند فوج کے تمام افسروں کے خلاف مقدمات واپس لئے جائیں ۔

مرکزی اسمبلی میں قائداعظم کی ہنگامہ خیز تقریر ۔
۱۳ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

مسٹر کیسی گورنر بنگال قائداعظم سے ملاقات کرینگے ۔
قائداعظم ۱۵ فروری کو کلکتہ پہنچیں گے ۔
۱۴ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳

پاکستان نہ دیا گیا تو اسلامی ہند بغاوت کر دے گا ۔
قائداعظم محمد علی جناح کا انتباہ ۔
۱۵ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

برطانوی اخبارات اور ویول جناح ملاقات ۔
۱۵ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳

مسلم لیگ کے پرچم کے نیچے جمع ہو جائیے ۔
انشاء اللہ فتح ہمارے قدم چومے گی ۔ (قائداعظم) ۔
۱۷ فروری - ۱ ، ۱

قائداعظم محمد علی جناح کلکتہ پہنچ گئے ۔
آج گورنر بنگال مسٹر کیسی سے ملاقات کریں گے ۔
۱۷ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

قائداعظم سے میر واعظ محمد یوسف کی ملاقات ۔
۱۹ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

کیپٹن عبدالرشید کی سزایابی پر عوام مشتعل ہو چکے ہیں ۔
حکومت کے ساتھ ہمارا تعاون ناکام ہو کر رہ جائیگا ۔
(قائداعظم کا بیان)
۱۹ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۳

Marfat.com

مسئلہ خوراک فرقہ وارانہ فساد سے بالا ہے -
قائداعظم کی تصریحات -
۱۹ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم سے ہزاروں طلبہ کی ملاقات -
۱۹ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم کی مسٹر کیسی گورنر بنگال سے دوسری ملاقات -
گورنمنٹ هاؤس کے باہر مسلمانوں کا ہجوم -
۱۹ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

وعدہ خلافی کے نتائج انتہائی خطرناک ہونگے -
برطانوی حکومت کو قائداعظم کا انتباہ -
۲۱ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۵

قائداعظم ، گاندھی جی اور قحط -
گاندھی جی بنیا ہے جو ڈنڈی پلڑا ہمیشہ اپنی طرف جھکانے کا مستقل عادی ہے -
قائداعظم نے اعلان کر دیا ہے کہ قحط کو پالیٹیکس میں نہیں ملایا جا سکتا -
۲۲ فروری ۱۹۴۶ - ۳ ، ۵ - ۶

ریاست جموں کے حکام کی مسلم آزاری ۔ قائداعظم کو احتجاجی تار -
قائداعظم سلہٹ ، شیلانگ اور گوہاٹی کا دورہ کرینگے -
۲۲ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۶ - ۳

ہم ایک دستور ساز اسمبلی قائم نہیں ہونے دینگے -
پاکستان کے متعلق غیر مبہم اعلان کیا جائے -
اسلامی ہند کو مایوس کیا گیا تو بغاوت ہوجائیگی -
(قائداعظم) -
مسلم لیگ ریاستی امور میں دخل دینا پسند نہیں کرتی -
۲۳ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۳

آزاد ہند فوج کے خلاف تمام مقدمات واپس لئے جائیں -
کیپٹن عبدالرشید کو رہا کیا جائے -
قائداعظم ۸ مارچ کو دہلی میں وائسرائے سے ملاقات کریں گے -
۲۳ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۶

کوئی مہذب حکومت بحری ملازمین کے مطالبات ٹھکرا نہیں سکتی -
میں ان کے ازالے کے لئے ہر ممکن کوشش کروں گا -
(قائداعظم کا اعلان) -
۲۳ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۶

پنجاب کے مسلمانوں نے حیرت انگیز معجزہ کر دکھایا ہے -
قائداعظم محمد علی جناح کی طرف سے مسلمانان پنجاب کو مبارک باد -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

لیگ، بنگال میں سو فیصدی کامیاب ہوگی -
قائداعظم کا بیان -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

کلکتہ میں پانچ سو بحری ملازمین نے چھ روز سے ہڑتال کر رکھی ہے -
ہڑتالیوں کے ایک وفد نے قائداعظم کو اپنی شکایات سے آگاہ کیا -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۵ ، ۲ - ۳

قائداعظم اور وائسرائے کی خط و کتابت -
حکومت کی غذائی پالیسی کی توضیح -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

قائداعظم لنکا جائینگے -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

مسٹر زبیری کی قائداعظم سے ملاقات -
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

پاکستان میں زمین لے دیں -
یو - پی کے جاگیرداروں کی قائداعظم سے درخواست
۲۶ فروری ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

سردار نشتر ، قائداعظم سے ملاقات کریں گے -
۲۷ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳

ہم آپس میں بھائی بھائی ہیں - شیعہ حقوق کا کامل تحفظ کیا جائے گا -

Marfat.com

شیعہ شریعت میں کسی قسم کی ترمیم و تنسیخ نہیں کی جائے گی - (قائداعظم)

۲۷ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

لیگ کا پیغام کونے کونے تک پہنچا دو -

طلبا بنگال کو قائداعظم کا پیغام -

قائداعظم آج آسام روانہ ہو جائینگے -

۲۸ فروری ۱۹۴۶ - ۱ ، ۴

اگر تمام ہندوستان کے لئے صرف ایک مجلس دستور قائم کرنے کا فیصلہ ہو چکا ہے تو ہم برطانوی وفد کا بائیکاٹ کریں گے -

ہندوستان کی آزادی کے راستے میں ہندو ، سنگ راہ بنا ہوا ہے -

پاکستان ، دس کروڑ اسلامیان ہند کا مطالبہ ہے - (کلکتہ میں قائداعظم کی تقریر) -

۲۸ فروری ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

قائداعظم آج آسام روانہ ہو جائینگے -

یکم مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

اے قائداعظم -

بخشا تجھے اللہ نے واللہ وہ دم خم اے قائداعظم
تعمیر ہوا قوم کا ایوان تمنا اے جان تمنا
(مشتاق احمد مشتاق)

۳ مارچ ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲ - ۵

قائداعظم شیلانگ پہنچ گئے -

اسٹیشن پر شاندار استقبال -

اسلامیان آسام کا عظیم الشان جلوس -

۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

سر فیروز کا ایثار -

قائداعظم کے مشورے پر نواب ممدوٹ کے حق میں دستبردار ہوگئے -

۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

مسلمان، برطانیہ اور ہندو دونوں کی غلامی سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہے -

مسلم لیگ کی آواز دنیا کے ہر گوشہ تک پہنچ چکی ہے - (قائداعظم) -

۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

میں اس آزادی کا حامی ہوں جو ہندوؤں اور مسلمانوں دونوں کی آزادی کی ضامن ہو -

تقسیم ہند کے بغیر ہندوستان کے مسائل حل نہیں ہو سکتے - (قائداعظم)

۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم کی شیلانگ میں مصروفیات -

۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم کا مکتوب بنام مہاراجہ محمود آباد -

۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۳ ، ۴

اقلیتوں سے نا انصافی کرنیوالی حکومت کو زندہ رہنے کا کوئی حق نہیں -

پاکستان ، ہندو مسلم کے لئے یکساں مفید ثابت ہوگا - (قائداعظم)

۷ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

گورنر نے خضر کو تشکیل وزارت کی دعوت دے کر اپنے اختیارات کا ناجائز استعمال کیا ہے -

پنجاب کے مسلمانوں نے پنجاب سے ملوکیت کا جنازہ نکال دیا - (قائداعظم)

۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

آسام میں لائن سسٹم کو منسوخ کیا جائے - ورنہ ناخوشگوار نتائج کی ذمہ داری حکومت پر ہوگی -

کانگرسی حکومت غریب مسلمانوں کو ذریعہ معاش سے محروم کرنا چاہتی ہے -

قائداعظم محمد علی جناح کا حقیقت افروز بیان -

۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

مسلمان ہر صوبے میں تجارتی ادارے قائم کریں - (قائداعظم)

Marfat.com

کلکتہ کے مسلمان تاجروں نے قائداعظم کو ایک لاکھ روپے کی تھیلی پیش کی -
۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

دنیا کی کوئی طاقت ہمیں پاکستان حاصل کرنے سے نہیں روک سکتی -
قائداعظم محمد علی جناح کا اعلان -
۱۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

قائداعظم جناح دہلی پہنچ گئے -
اسلامیان بنگال کو لیگ کے حق میں ووٹ دینے کی اپیل -
۱۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

مسٹر جناح نے کوئی بیان نہیں دیا -
پنجاب کے لیگی لیڈروں کو سناتن دھرم کالج کے واقعہ کے سلسلہ میں کوئی ہدایت دی "نوائے وقت" کے نامہ نگار کو معلوم ہوا ہے کہ رپورٹ صحیح نہیں ہے -
۱۳ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

وائسرائے سے قائداعظم کی ملاقات -
۱۴ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

میں محکمہ ڈاک اور تار کے ملازمین کی ہر ممکن امداد کرونگا -
قائداعظم محمد علی جناح کا اعلان -
۱۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۳

کانگرس برطانیہ کو دھمکیاں دے کر ملک میں اپنا اقتدار قائم کرنا چاہتی ہے - (قائداعظم)
۱۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۱

قائداعظم کا عزم لاہور -
۱۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

مسٹر جی - ایم - سید مسلم لیگ میں -
قائداعظم کے نام تار -
۱۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

مسٹر ایٹلی نے سخت متضاد باتیں کہی ہیں - ان سے غلط فہمیاں پیدا ہو جائیں گی - (قائداعظم)
مسلمان اقلیت میں نہیں ، وہ ایک قوم ہیں -
ہندوستانی مسئلہ کا واحد حل پاکستان ہے -
۱۹ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۴

قائداعظم آج صبح لاہور پہنچ جائیں گے - ہندوستان میں وزارتی مشن کی مصروفیات کا لائحہ عمل تیار ہو گیا -
قائداعظم اور مسٹر گاندھی کو ملاقات کی دعوتیں بھیج دی گئیں -
۲۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۳

قائداعظم کی لارڈ ویول سے ملاقات -
لارڈ ویول آج ہی کوئٹہ سے واپس دہلی پہنچے تھے -
۲۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم کے اعلان کی حمایت -
پنجاب مسلم چیمبر آف کامرس کا اجلاس -
۲۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

شہید ملت کے لئے دعائے مغفرت -
قائداعظم اور مسلم لیگ پر اعتماد کا اظہار کیا -
۲۰ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

جنوبی افریقہ کے مسلمان ارکان کا وفد -
آج قائداعظم سے ملاقات کریں گے -
۲۱ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

صدر کانگرس نے جس سرگرمی سے کانگرس کی خدمت کی اگر اس سے آدھا ذوق و شوق ہی خدا کی راہ میں دکھاتے تو آج سوسائٹی میں انہیں باعزت درجہ حاصل ہوتا -
پنجاب کی کابینہ میں کسی کولیسلنگ مسلمان کو شامل نہیں کیا جا سکتا - ہم کولسلنگوں کا دور ختم کرنا چاہتے ہیں -
لاہور میں کانگرس کے راشٹر پتی کی کوششیں شرانگیز تھیں - وہ کانگرس کا اجیر بننے کی بجائے اب کانگرس سے پنشن لے لیں - (قائداعظم)
۲۱ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۸

Marfat.com

کیا پنجاب لیگ اسمبلی پارٹی کے ارکان کی تعداد ۸ ہو گئی ہے -
قائداعظم کی لاہور میں مصروفیات کا پروگرام -

۲۱ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۴ - ۵

ہمارا مطمع نظر ۱۹۳۵ء کے ایکٹ کے ماتحت وزارتوں کا قیام نہیں ، بلکہ اس کا فوری خاتمہ اور پاکستان کا قیام ہے -
پنجاب ، ماضی میں ہندوستان کا بازوئے شمشیر زن رہا ہے - اب وہ پاکستان کا بازوئے شمشیر زن بنے گا -
میرا پیغام ایمان ، اتحاد اور ڈسپلن ہے -
پنجاب اسمبلی لیگ پارٹی کے ارکان سے قائداعظم کا خطاب -

۲۲ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ - بقیہ صفحہ ۶ ، ۵

قائداعظم کی طرف سے سکھوں کی علیحدہ ریاست کے مطالبہ کی حمایت -

۲۳ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

اگر مسلمانوں کو نظر انداز کر دیا گیا تو مسلمان اس اقدام کو ہر ممکن طریق سے ناکام بنا کر رہینگے -
مسلمان اس نازک موقعہ پر متحد ہو جائیں -
اتحاد ، یقین اور ڈسپلن سے ہم کامیاب ہوں گے -
(قائداعظم)

۲۴ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵ - بقیہ صفحہ ۶

یو - پی میں کانگرس لیگ کولیشن وزارت کی تجویز -
قائداعظم کا مشورہ حاصل کیا جائے گا -

۲۵ مارچ ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

اسلامی ممالک اور پاکستان کے متعلق حکومت برطانیہ اپنی پوزیشن واضع کرے -
ہم کبھی برطانیہ کے آلۂ کار نہ بنیں گے -
(قائداعظم)

۲۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

نوجوان دوستو کیرئر پیدا کرو - مشکلات سے مت گھبراؤ - کامیابی تمھارے قدم چومے گی - دنیا میں کسی قوم نے قربانیوں کے بغیر کامیابی حاصل نہیں کی -
انفرادیت کو قومی مفاد کی خاطر ختم کرو -
اسلامیہ کالج کے طلبہ سے قائداعظم کا خطاب -

۲۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

ہم قائداعظم کے ارشاد پر اپنی جانیں قربان کرنے کو تیار ہیں -
سندھ کے وزیر پیر الٰہی بخش کا اعلان -

۱۶ مارچ ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

قائداعظم واپس دہلی پہنچ گئے -
لیگ فنانس بل کی مخالفت نہیں کرے گی -

۲۷ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

میں پنجاب سے اسلامی ہند کے لئے جرات کا پیام لئے جا رہا ہوں -
انتخابات نے پاکستان کی جدوجہد میں نئے باب کا اضافہ کر دیا ہے -
قائداعظم کا الوداعی پیغام -

۲۷ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

میں آخر دم تک لڑونگا خواہ مجھے جیل ہی کیوں نہ جانا پڑے -
پارلیمانی وفد کو قائداعظم نے کیا بتایا -
مسٹر باٹملی کا انکشاف -

۲۸ مارچ ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

علیگڑھ کا حادثہ افسوسناک ہے - میں اس کی مذمت کرتا ہوں -
قائداعظم محمد علی جناح کے تاثرات -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

آج نواب بھوپال قائداعظم سے ملاقات کریں گے -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

مسٹر سید ، قائداعظم سے ملاقات کے بعد لیگ میں دوبارہ شامل ہو جائیں گے -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

Marfat.com

دھلی میں مسٹر گاندھی اور قائداعظم میں ملاقات ہو گی۔
سر سٹیفورڈ کرپس کانگرس لیگ مفاہمت کے لئے بیتاب ہیں -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۳

صوبہ بنگال نے پاکستان کے حق میں واضع فیصلہ دے دیا ہے -
قائداعظم کا اسلامیان بنگال کے نام پیغام -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

پاکستان تمام دنیا کے امن اور فارغ البالی کے لئے دوسری اقوام عالم کے دوش بدوش اپنے فرائض پوری طرح بجا لائے گا -
پاکستان کے مسئلے پر کسی کے ساتھ گر کر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا -
مسلمان ہندو راج کو کبھی قبول نہیں کریں گے - (قائداعظم کا اعلان)

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲ - ۶

قائداعظم سے سٹیفورڈ کرپس کی ملاقات -

۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

والیان ریاست اپنے اختیارات سے دست بردار نہیں ہوں گے -
نواب بھوپال کی قائدآعظم سے ملاقات -

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

میں انتخابات میں سو فیصدی کامیابی پر بمبئی کو ھدیہ تبریک پیش کرتا ہوں -
صدر بمبئی مسلم لیگ کو قائداعظم کا پیغام -

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قائداعظم سے نواب بھوپال کی ملاقات ڈیڑھ گھنٹہ جاری رہی -

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳

ہم ہندوؤں سے کامل علیحدگی چاہتے ہیں، حکومت میں برابر کی شرکت نہیں چاہتے -

برطانیہ اپنی سنگینوں کے زیر سایہ ہمیں یکجا رکھ سکتا ہے - (قائداعظم)

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

قائداعظم مدظلہ کا فوٹو -
باتفاق رائے عکسی تصویر کی تجویز پاس ہو گئی - (ٹاؤن ہال لدھیانہ میں)

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱

سر محمد سعداللہ ، خان عبدالقیوم اور نواب ممدوٹ نے آج دھلی میں قائداعظم سے ملاقات کی -

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

میں مسٹر جناح کا احترام کرتا ہوں - ڈاکٹر خان صاحب کا بیان -

۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

قائداعظم کی وزارتی مشن سے تین گھنٹہ کی ملاقات -
وائیسریگل لاج سے واپسی پر قائداعظم کے چہرے پر مسکراہٹ کھیل رہی تھی -

۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

کوئی مسلمان صوبہ ایسی فیڈریشن میں شامل نہ ہو گا جس میں طاقت صرف ھندو کے ہاتھ میں ہو -
میں ہمیشہ ہندو مسلم اتحاد کے لئے کوشاں رہا - (قائداعظم)

۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۵

مسٹر جناح اور مسٹر گاندھی کی متوقع ملاقات کا بے صبری سے انتظار -
لندنی حلقے وزارتی مشن کی کامیابی کے متعلق پر امید ہیں -

۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۳

کل قائداعظم محمد علی جناح مسلم لیگ کے واحد نمائندہ کی حیثیت سے وزارتی مشن سے ملاقات کریں گے -

۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ -

وزارتی مشن سے ہندوستانی لیڈروں کے ابتدائی مذاکرات قریب الاختتام ہیں -

Marfat.com

اگلے پروگرام کے متعلق وزارتی مشن ۱۵ اپریل کے بعد بیان دے گا ۔

۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ -

قائداعظم سے ماسٹر تارا سنگھ ، مہاراجہ پٹیالہ اور گیانی کرتار سنگھ کی ملاقات ۔

۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

وزارتی مشن کے ارکان شملہ نہیں جائیں گے ۔

لیگی ممبران اسمبلی کے اجلاس میں قائداعظم ، مشن سے ملاقات پر روشنی ڈالیں گے ۔

۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

دھلی میں آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔

قائداعظم نے وزارتی مشن سے ملاقات پر روشنی ڈالی۔

۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

اسلامیان بنگال آپ کے ساتھ ہیں ۔

مسٹر سہروردی کا تار قائداعظم کے نام ۔

۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

قائداعظم محمد علی جناح سے بہاولپور کے نواب کی ملاقات ۔

خان بہادر کھوڑو اور میر بندے علی تالپور بھی قائداعظم سے ملے ۔

۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

اسلامی ہند سے ایک بہت بڑی شخصیت چھن گئی ۔ (قائداعظم)

ملک برکت علی کی وفات پر قائداعظم کا اظہار افسوس ۔

۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

ہم کسی صورت میں بھی اپنے اصولوں سے دستبردار نہیں ہوں گے ۔

وزارتی مشن کو قائداعظم نے کیا بتایا ۔

۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

اچھرہ کے مسلمانوں کا جلسہ ۔

جناح پر مکمل اعتماد کا اظہار ۔

۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

اگر تجارتی مراعات کی خاطر ہندوستان کے دس کروڑ مسلمانوں کو نظر انداز کیا تو برطانیہ کی تاریخ میں یہ بہت بڑا سانحہ ہوگا ۔

ہم پاکستان کے بنیادی اصول اور اس کی کامل خود مختارانہ حیثیت کو خطرے میں ڈال کر کوئی سمجھوتہ نہیں کرینگے ۔

ایک مجلس دستور ساز کو قبول کرنا موت کے وارنٹ پر دستخط کرنا ہے ۔

ہم انشاء اللہ ضرور کامیاب ہونگے ۔ (قائداعظم)

۹ اپریل ۱۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۶

لیگ کنونشن کی سبجیکٹس کمیٹی کا اجلاس ۔

محمد علی جناح کی صدارت میں منعقد ہوا ۔

۹ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

لیگی ممبران اسمبلی کے کھلے اجلاس نے سبجیکٹس کمیٹی کی قرار داد منظور کر لی ۔

قائداعظم نے ملک برکت علی کی وفات پر قرار داد تعزیت پیش کی ۔

۱۰ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

میں تمہیں مسرت اور امید کا پیغام دیتا ہوں ۔ (قائداعظم)

مسلمان، قائداعظم کے حکم کے منتظر ہیں۔ (سہروردی)

۱۰ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

پنجابی مسلمان ، [illegible] اپنی کالونی بنا لیں گے ۔

مسٹر سید کا شر انگیز پراپیگنڈہ ۔

قائداعظم نے دہلی میں مسٹر سید کو ملنا منظور نہ کیا ۔ (مسٹر سید کا بیان) ۔

۱۰ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

ایک وسیع درمیانی راستہ شمال مشرق اور شمال مغربی پاکستان کو ملحق کرے گا ۔

کلکتہ اور کراچی کی بندرگاہیں پاکستان میں شامل ہونگی ۔ (قائداعظم)

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

Marfat.com

وزارتی مشن ۱۸ اپریل کو لیگ اور کانگرس کے نمائندوں کا مشترکہ اجلاس بلائے گا ۔

قائداعظم سے راشٹر پتی ملاقات کرنے کے خواہشمند ہیں ۔

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

فلسطین اور جنوبی افریقہ کے متعلق لیگ کونسل کی اہم قرار دادیں ۔

حکومت، جنوبی افریقہ کے خلاف فوری کارروائی کرے۔ (قائداعظم)

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

نواب چھتاری کی مسٹر گاندھی سے ملاقات ۔

نواب صاحب کل قائداعظم سے ملے ۔

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

ہم مخالفین کی رکاوٹوں کے باوجود اپنی منزل کو حاصل کر لیں گے ۔ پاکستانی علاقے ہندوستان کی مسلمان آبادی کی ہر ممکن امداد کریں گے ۔ (قائداعظم)

سرحدی گاندھی نے مسلمانوں کی پیٹھ میں چھرا گھونپنے کی کوشش کی ۔ (خان عبدالقیوم)

۱۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۶

وائسرائے آزاد ہند فوج کے افسروں اور سپاہیوں کے لئے عام معافی کا اعلان کر دیں گے ۔

وزارتی مشن سے میرے مذاکرات دوستانہ ماحول میں جاری ہیں ۔ (قائداعظم)

فلسطین ، جنوبی افریقہ اور انڈونیشیا کے متعلق لیگ کونسل کی اہم قرار دادیں ۔

۱۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

قائداعظم ، اسلامیان ہند کے واحد نمائندہ ہیں ۔

پاکستان جلد از جلد قائم کیا جائے ۔

مسٹر اے ۔ ڈی ۔ قریشی ، سیکرٹری مسلم ایسوسی ایشن نیروبی (جنوبی افریقہ) ۔

۱۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

مرکز میں قائداعظم کی قیادت میں تمام پارٹیوں کی عارضی حکومت ۔

ملک کو قحط سے بچانے کے لئے مسٹر جناح یہ تجویز منظور کر لیں گے ۔

۱۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قائداعظم کی قیادت پر مکمل اعتماد ۔

ریاستی مسلم لیگ کی قرار داد ۔

۱۲ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

کسی عارضی حکومت میں قائداعظم کو وزارت عظمیٰ دیئے جانے کی خبر ۔

لندن کے باخبر حلقوں نے تردید کر دی ۔

۱۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم کو وزارتی مشن سے ملاقات کی دعوت موصول ہوگئی ۔

ملاقات کے بعد مسلم لیگ مجلس عاملہ کا اجلاس بلایا جائے گا ۔

۱۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

مسٹر حسین شہید سہروردی کی قائداعظم اور مولانا آزاد سے ملاقاتیں ۔

لیگ کانگرس کولیشن وزارت کے قیام کی مساعی ۔

۱۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

مسٹر جناح پہلے وزیر اعظم ۔

یونائیٹڈ پریس آف امریکہ کی ایک رپورٹ ۔

۱۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۴ ، ۶

ہندو، اب قائداعظم سے خائف ہے ۔ قائداعظم کو اسلامیان ہند کا کامل اعتماد حاصل ہے ۔

"سنڈے آبزرور" کے نامہ نگار کے تاثرات ۔

۱۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

آل انڈیا مسلم لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۲۴ اپریل کو منعقد ہوگا ۔

آج قائداعظم ، وزارتی مشن سے ملاقات کرینگے۔

۱۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

Marfat.com

برطانوی وفد نے مسٹر جناح کو اپنے مجوزہ حل سے
آگاہ کر دیا ۔
اگر لیگ کانگرس میں سمجھوتہ نہ ہو سکا تو مشن
اپنا ایوارڈ سنا دے گا ۔

۱۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

قائداعظم نے وزارتی مشن سے دو گھنٹہ تک ملاقات کی ۔

۱۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

گجرات میں مسلم لیگ کی شاندار فتح ۔
ٹاؤن ہال میں قائداعظم کا فوٹو آویزاں کیا جائیگا ۔

۱۸ اپریل ۱۹۴۶ - ۴ ، ۱

ریلوے سٹیشنوں پر مسٹر جناح کا شاہانہ استقبال کیا
جاتا ہے ۔
شاہ پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے جاتے ہیں ۔
امریکی رسالہ ''ٹائم'' کے تاثرات ۔

۲۰ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

سیٹھ رام کرشنا ڈالمیا کی قائداعظم سے ملاقات ۔
وزارتی مشن ۲۷ اپریل کو لیگ کی مجلس عاملہ سے
ملاقات کرے گا ۔

۲۱ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

وزارتی مشن کو کپورتھلہ کے مسلمانوں کا تار ۔
جناح کی قیادت میں کامل اعتماد کا اظہار ۔

۲۳ اپریل ۱۹۴۶ - ۲ ، ۶

مکتوب مفتوح ۔
بنام مولانا حسین احمد مدنی مدظلہ ۔
یہ خبر سن کر حیران ہوا کہ جمیعت علماء اور مجلس
احرار نے قائداعظم کی مخالفت کے لئے ایک مشترکہ
محاذ قائم کیا ۔

۲۴ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ - ۱ - ۴

''ریاست'' میں مسٹر جناح کے متعلق غیر مناسب الفاظ ۔
(دیوان سنگھ ایڈیٹر ''ریاست'')

۲۴ اپریل ۱۹۴۶ - ۴ ، ۵

صوبہ سرحد اور قبائلی نمائندوں نے قائداعظم کو ہر
ممکن قربانی کا یقین دلایا ۔
مسٹر گاندھی ہمیشہ یہاں ہندوراج مسلط کرنے کی
سازشیں کرتے رہے ۔ (پیر سید جماعت علی شاہ)

۲۴ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

تحصیل صوابی میں لیگ کانفرنس ۔
... خان نے پاکستان اور قائداعظم کی قیادت پر
قرآن مجید کی روشنی میں ایک ولولہ انگیز تقریر کی ۔

۲۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۳ ، ۴

ڈسٹرکٹ بورڈ گجرات کے لئے تجویز ۔
قائداعظم کی تصویر آویزاں کی جائے ۔

۲۵ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

سر سٹیفورڈ کرپس کی پنڈت نہرو اور قائداعظم سے ملاقات ۔
مسلم لیگ اور کانگرس کو نزدیک لانے کی مساعی ۔
مشن سب سے پہلے عارضی حکومت قائم کرے گا ۔
فی الحال کوئی سرکاری اعلان جاری نہیں کیا جائیگا ۔

۲۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

قائداعظم سے طویل مذاکرات کے بعد سر سٹیفورڈ کرپس
کی نہرو سے ملاقات ۔
آج رات سر سٹیفورڈ کرپس ، قائداعظم سے دوبارہ ملیں
گے ۔

۲۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۴ ، ۵

قائداعظم قابلیت ، عزم و استقلال اور تدبر کی وجہ سے
بلند شخصیت ہیں ۔
سوائے چند کونسلنگوں اور غداروں کے ، تمام مسلمان
قائداعظم کے ساتھ ہیں ۔ (سہروردی)

۲۶ اپریل ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

قائداعظم سے نواب ممدوٹ کی ملاقات ۔
دہلی میں وزارتی مشن کی سرگرمیاں ۔
ہندوستانی لیڈروں سے وزارتی مشن کے مذاکرات نہایت
نازک مرحلے میں داخل ہو گئے ۔ آل انڈیا مسلم لیگ
کی مجلس عاملہ کا اجلاس ۔

Marfat.com

ریاستیں عارضی حکومت میں حصہ نہیں لیں گی وہ نئی
حکومت سے صرف تعاون کریں گی۔

کیا قائداعظم راشٹر پتی آزاد سے ملنا گوارا نہیں
کرینگے۔ (قائداعظم سے سر سٹیفورڈ کرپس کی ملاقات)
۲۷ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶ - ۶

سر سٹیفورڈ کرپس کی قائداعظم اور مسٹر گاندھی سے
ملاقاتیں۔
۲۸ اپریل ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

ہمیں قائداعظم کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے۔
وزارتی مشن کے نام کرال قبیلہ کا تار۔
۲۸ اپریل ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

آزاد ہند فوج کے افسروں کی رہائی۔
قائداعظم کی مساعی کا نتیجہ۔
یکم مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

قائداعظم نے شملہ کانفرنس میں شامل ہونے والے لیگی
نمائندوں کا اعلان کر دیا۔
آج رات وزارتی مشن ، قائداعظم کا مہمان ہوگا۔
یکم مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

مسلم لیگ اور ورکنگ کمیٹی کا متوقع اجلاس۔
قائداعظم ، ورکنگ کمیٹی کو شملہ کانفرنس کی روئداد
سے آگاہ کریں گے۔
۷ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

مسٹر بھولا بھائی ڈیسائی نہایت قابل ماہر قانون دان
تھے۔ (قائداعظم)
مرحوم کے پسماندگان سے دلی ہمدردی کا اظہار۔
۷ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

خواتین شملہ کی طرف سے قائداعظم کا استقبال۔
۸ مئی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۳

مفتی اعظم امین الحسینی عربوں کے جہاد حریت کی
قیادت کرینگے۔
عرب لیگ کی طرف سے قائداعظم سے . . .
۹ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

میونسپل کمیٹی جلال پور جٹاں۔
قائداعظم کا فوٹو نصب کیا جائے گا۔
۹ مئی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۴

کانگرس اور لیگ میں سمجھوتہ نہ ہونے کی صورت میں
برطانوی حکومت آئینی تجاویز کا اعلان کر دے گی۔
قائداعظم اور کمانڈر انچیف سے وائسرائے کی ملاقاتیں۔
مسٹر گاندھی کی سر سٹیفورڈ کرپس سے ملاقات۔
۹ مئی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲ - ۵

لیگی نمائندوں کا اجلاس۔
قائداعظم کی جائے رہائش پر منعقد ہوا۔
۱۰ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

میں مصری عوام کو ان کی آزادی پر مبارک باد پیش
کرتا ہوں۔
مصر سے برطانوی فوج کے اخراج کے فیصلہ پر
قائداعظم کا اظہار۔
۱۰ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

پنڈت نہرو نے دعویٰ کیا تھا کہ ہندوستان میں دو
طاقتیں ہیں : ایک گورنمنٹ کی طاقت ، دوسری کانگرس
کی طاقت۔
قائداعظم نے بیان دیا "ہندوستان میں تیسری طاقت
مسلم لیگ بھی ہے"۔
۱۰ مئی ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲ - ۳

مسٹر جناح کے وقار میں اضافہ ہوگیا۔
لیگ کے فیصلے پر "ڈیلی میل" کا تبصرہ۔
۱۱ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

شملہ میں قائداعظم سے مسلم لیگی نمائندوں کے مذاکرات۔
۱۱ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

کمانڈر انچیف اور ایگزیکٹو کونسل کے تمام ارکان نے
اپنے استعفے پیش کر دیئے۔
قائداعظم اور پنڈت نہرو میں ملاقاتیں۔
آج لیگ کی مجلس عاملہ کا اجلاس منعقد ہوگا۔
۱۱ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۶

Marfat.com

مسٹر محمد علی جناح نے شملہ کانفرنس کو ڈیڈ لاک سے بچا لیا ہے ۔

شملہ کانفرنس کے متعلق ''سول'' کے نامہ نگار کے تاثرات ۔

۱۱ مئی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

آج پنڈت نہرو اور قائداعظم میں پھر ملاقات ہوگی ۔

پنڈت نہرو کی طرف سے قائداعظم کو خاص مکتوب ۔

لیگ کی مجلس عاملہ کا طویل اجلاس ۔

۱۲ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

قائداعظم اور پنڈت نہرو میں ڈیڑھ گھنٹہ ملاقات ۔

قائداعظم کو ملاقات کے دوران میں وائسرائے کا خاص خط ملا ۔

قائداعظم سے وائسرائے ہند لارڈ ویول کی ملاقات ۔

پنڈت نہرو ، راشٹر پتی آزاد اور مسٹر گاندھی بھی مشن سے ملے ۔

۱۴ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

وزارتی مشن اور وائسرائے دہلی پہنچ گئے ۔

قائداعظم ابھی شملہ میں ہی ٹھہریں گے ۔

۱۵ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم نے فی الحال وزارتی مشن کے اعلان پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا ۔

سردار عبدالرب نشتر ، قائداعظم سے ملاقات کرینگے۔

۱۸ مئی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

شملہ میں قائداعظم سے گورنر پنجاب کی ملاقات ۔

مشن کی سکیم کے بارے میں قائداعظم آج بیان جاری کریں گے ۔

۲۱ مئی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

وزارتی مشن کی تجاویز اسلامی ہند کو مطمئن نہیں کریں گی ۔

لیکن ہم قائداعظم کے اعلان کے منتظر ہیں ۔
(خان بہادر اسمٰعیل)

۲۱ مئی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

وزارتی مشن کی تجاویز ۔ قائداعظم کے جواب کا انتظار ۔ نمائندے انتخاب کرتے وقت آسام و بنگال کے یورپین ارکان ووٹ نہیں دینگے ۔

۲۱ مئی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲ - ۳

''ویر بھارت'' کی کمینہ شر انگیزی ۔

قائداعظم کے متعلق ناپاک جھوٹ ۔

۲۲ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

قائداعظم ۲ جون کو شملہ سے دہلی پہنچ جائینگے ۔

۲۳ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

آج قائداعظم اپنا تاریخی بیان دیں گے ۔

وزیر ہند کو بیان کی نقل بھیج دی گئی ۔

۲۳ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم کے بیان میں برطانوی سفارشات کو مسترد یا قبول نہیں کیا گیا ۔

برطانوی سفارشات کا تجزیہ اور مشن کی مختلف تجاویز کے تضاد پر روشنی ۔

۲۳ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم کے بیان میں برطانوی سفارشات کو مسترد یا قبول نہیں کیا گیا ۔

آخری فیصلہ لیگ ورکنگ کمیٹی اور کونسل کے ہاتھ میں ہے ۔

(قائداعظم کا مفصل بیان) ۔

۲۴ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

وزارتی سفارشات کے بارے میں کانگرس کی مجلس عاملہ آج اپنے فیصلے کا اعلان کر دے گی ۔

دس سال کے بعد پاکستان گروپ کو مرکزی یونین سے کامل علیحدگی کا حق نہیں دیا گیا ۔

مرکزی دستور ساز اسمبلی میں ہندوؤں کی اکثریت ہوگی ۔

اسلامیان ہند کے محبوب قائداعظم کا اعلان ۔

۲۴ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۱ - ۲

Marfat.com

دس سال بعد یونین سے پاکستان گروپ کی علیحدگی کے
مطالبہ کی بجائے وزارتی مشن نے محض یونین کے
آئین پر نظرثانی کرنے کا حق دیا ہے ۔

کانگرس کو خوش کرنے کے لئے پاکستان کے خلاف
عامیانہ دلائل کی پناہ لیکر اسلامی ہند کے جذبات
مجروح کئے گئے ۔

مرکزی دستور ساز اسمبلی میں ہندوؤں کی بھاری
اکثریت پر اعتراض ۔

آخری فیصلہ لیگ کی مجلس عاملہ اور کونسل کا
ہوگا ۔ (قائداعظم کا مفصل بیان)

۲۴ مئی ۱۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۶

قائداعظم ، مسلمان کے ایک قطرہ خون کی قیمت اپنی جان
سے بھی زیادہ سمجھتے ہیں ۔

مسلمان ان کے ہر حکم کی تعمیل کے لئے تیار ہیں ۔
سردار عبدالرب نشتر کی تقریر ۔

۲۴ مئی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

قائداعظم سے میجر وانٹ کی ملاقات ۔

وزارتی مشن کے سٹاف کے ایک رکن میجر وانٹ نے
ایک گھنٹہ ملاقات کی ۔

۲۶ مئی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

کشمیر کانفرنس کے لیڈر قائداعظم سے ملے ۔
قائداعظم کو کشمیر کے حالات سے آگاہ کیا گیا ۔

۲۹ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲

قائداعظم ۲ جون کو دہلی روانہ ہونگے ۔

۳۱ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

کشمیر کی خفیہ تحریک کی طرف سے کونسل آف ایکشن
کا قیام ۔

مسلم کانفرنس کے لیڈروں کی قائداعظم سے ملاقات ۔

۳۱ مئی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم اگلے سال فریضہ حج ادا کریں گے ۔

۳۱ مئی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قائداعظم دہلی پہنچ کر وزیر ہند سے ملاقات کریں گے ۔
مجلس عاملہ کے اجلاس سے پہلے کئی امور کی وضاحت
طلب کی جائے گی ۔

۲ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

امن کی منزل پر پہنچنا بہت دشوار گذار ہے ۔
پاپائے اعظم کی نشری تقریر ۔

۲ جون ۱۹۴۶ - ۳ ، ۵ - ۶

قائداعظم کی تقریر کا خیر مقدم ۔

حکیم عبدالجلیل ندوی نے شملہ میں تقریر کا خیر
مقدم کیا ۔

۲ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵

وائسرائے سے قائداعظم جناح کی ملاقاتیں ۔

وزارتی سفارشات اور عارضی حکومت کی تشکیل کے
مسائل پر غور کیا گیا ۔

۴ جون ۱۹۴۶ - ۳ ، ۴

مرکز میں عارضی قومی حکومت کب قائم ہوگی ؟

وائسرائے نے قائداعظم اور آزاد کو جواب بھیجدیا ۔

۴ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم کو سونے اور چاندی میں تولا جائے گا ۔

۵ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

دنیا کی کوئی طاقت حصول پاکستان کے راستے میں
رکاوٹ پیدا نہیں کر سکتی ۔ ہم پاکستان حاصل کر
کے ہی دم لیں گے ۔

اسلامی ہند اعراب فلسطین کی ضرور امداد کرے گا ۔
لیگ کونسل کے اجلاس میں قائداعظم کی تقریر ۔

۶ جون ۱۹۴۶ - ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۴ - ۶

ہم پاکستان کے حصول کے لئے ہر ممکن قربانی دینگے ۔
امریکہ میں مقیم مسلمان طلبہ کا تار قائداعظم کے نام ۔

۶ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

Marfat.com

مسٹر جناح ،ہندو مسلم اتحاد کے علمبردار ثابت ہونگے ۔
ڈاکٹر حسین کی طرف سے قائداعظم کی تقریر کا خیر مقدم ۔

۶ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

لیگ کونسل نے برطانوی سفارشات کی منظوری کا فیصلہ صادر کر دیا ۔
مگر مسلم لیگ کسی مرحلہ پر اپنے فیصلہ پر نظرثانی کر سکے گی ۔
عارضی حکومت کے متعلق قائداعظم ، وانسرائے سے گفت و شنید کرینگے ۔

۷ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

یہ کہنا غلط ہے کہ مسلم لیگ مطالبہ پاکستان سے دستبردار ہوگئی ہے ۔
مسلم لیگ نے مسٹر جناح کی رہنمائی میں کمال سیاسی فراست کا ثبوت دیا ۔
(''ڈیلی ٹیلی گراف'')

۸ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

مسلم لیگ نے اپنی حسب منشا صوبائی گروپ سسٹم حاصل کر لیا ہے ۔
قائداعظم کو لارڈ سنہا کی طرف سے تہنیت کا تار ۔

۸ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

عارضی حکومت کے قیام کے سلسلے میں وانسرائے سے قائداعظم کی ملاقات ۔
لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس ۱۳ گھنٹے جاری رہا ۔

۸ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

بلوچستان کے کانگرسی خان عبدالصمد خان ، قائداعظم سے دہلی میں ملاقات کرینگے ۔

۸ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم کو لنکا کے مسلمانوں کا تار ۔
لنکا کے عوام کو حق رائے دہندگی سے محروم کر دیا گیا ۔

۱۱ جون ۱۹۴۶ - ۶ - ۱

ارکان کو بنگال سے ملا دیا جائے ۔
قائداعظم سے ارکانی وفد کی گذارش ۔

۱۱ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

موجودہ سکیم کے مطابق مسلمان دس پندرہ سال تک پاکستان حاصل کر سکتے ہیں ۔
مسٹر جناح کی معاملہ فہمی کا اعتراف ۔

۱۲ جون ۱۹۴۶ - ۳ ، ۵ - ۶

آئین ساز اسمبلی کے پنجابی نمائندے ۔
قائداعظم ، خان عبدالقیوم خان اور سردار عبدالرب نشتر (دونوں میں سے کسی کو) پنجاب کی طرف سے نمائندہ بنایا جائے ۔

۱۲ جون ۱۹۴۶ - ۴ ، ۲ - ۳

کرپس دو دفعہ قائداعظم سے ملے ۔

۱۳ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵

سر ناظم‌الدین کی عیادت ۔
قائداعظم عیادت کے لئے نرسنگ ہاؤس تشریف لے گئے ۔

۱۴ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

کنٹونمنٹ مسلم لیگ کا مستحسن اقدام ۔
مسلمانوں کے لئے . . . سنٹر لٹن سٹریٹ میں ''جناح ریڈنگ روم'' کے نام سے ایک لائبریری قائم کر دی ۔

۱۸ جون ۱۹۴۶ - ۴ ، ۱

وزیر ہند سے قائداعظم کی ملاقات ، راشٹر پتی آزاد بھی مشن سے ملے ۔
عارضی حکومت کے متعلق وزارتی بیان کی وضاحت طلب کی گئی ۔

۱۸ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

قائداعظم کی وانسرائے سے ملاقات ۔
وانسرائے کو ایک خط روانہ کیا گیا ۔
مسلم لیگ اور کانگرس کی مجلس عاملہ کے اجلاس کل پھر منعقد ہونگے ۔

۱۹ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

Marfat.com

اب کانگرس کمیٹی اور لیگ کونسل کے اجلاس بلانے پڑینگے ۔
قائداعظم نے عارضی حکومت میں لیگ کی زائد نمائندگی کا مطالبہ کیا ۔
۱۹ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

قائداعظم نے اپنے خطوط میں عارضی حکومت کی تشکیل کے متعلق وائسرائے سے کن امور کی وضاحت طلب کی ۔
کانگرس کے آخری فیصلے کے اعلان کے بعد ہی مسلم لیگ کی مجلس عاملہ وائسرائے اور برطانوی مشن کو اپنے فیصلے سے آگاہ کرے گی ۔
کانگرس آج اپنے فیصلہ کا اعلان کر دے گی ۔
۲۰ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

وائسرائے نے قائداعظم سے کئے گئے مواعید کو کس طرح توڑا ۔
لارڈ ویول کے نام قائداعظم کے خطوط کا متن ۔
۲۰ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۳ بقیہ صفحہ ۶ ، ۳ - ۴

قائداعظم کی طرف سے وائسرائے کو واضع انتباہ ۔
۲۰ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۶

پنجاب اپنے کوٹے سے دوسرے مسلم صوبوں کو دستور ساز اسمبلیوں میں نمائندگی دے گا ۔
قائداعظم کا نام قطعی طور پر پنجابی نمائیندوں میں شامل کیا جائے گا ۔
۲۰ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

قائداعظم حیدر آباد جائینگے ۔
معتبر ذرائع سے معلوم ہوا ہے ۔
۲۶ جون ۱۹۴۶ - ۲ - ۶

مسٹر جناح عارضی حکومت بنائیں اور کانگرس ان سے پورا تعاون کرے ۔
ڈاکٹر خان صاحب وزیر اعظم سرحد کی تجویز ۔
۲۶ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم سے مسٹر الیگزینڈر کی ملاقات ۔
وزارتی مشن کے رکن سے دو گھنٹے ملاقات جاری رہی ۔
۲۷ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم سے لیگ لیڈروں کی ملاقاتیں ۔
نواب زادہ لیاقت علی خان ، مسٹر اصفہانی اور مسٹر چندریگر نے قائداعظم سے ملاقات کی ۔
۲۷ جون ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

وزارتی مشن ، قائداعظم کی خدمت میں ۔
قائداعظم سے الوداعی ملاقات کی ۔
۲۹ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

نئی عارضی حکومت سابقہ اعلان کے مطابق ہی وجود میں آئے گی ۔
قائداعظم کے نام وائسرائے کا مکتوب ۔
۲۹ جون ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

اگر مسلم لیگ سے کئے گئے مواعید اور ۱۶ جون کے وزارتی اعلان کو نظر انداز کیا گیا تو اسلامی ہند اسے بد ترین وعدہ خلافی تصور کرے گا ۔
مساوی تناسب کا اصول تبدیل نہیں کیا جا سکتا نہ ہی کانگرس کو کسی نیشنلسٹ مسلمان کی نامزدگی کا حق دیا جا سکتا ہے ۔ عارضی حکومت کی سکیم کو کیوں ملتوی کیا گیا ۔ کانگرس کی طرف سے تمام ہندوستان کی نمائندگی کا دعویٰ بوگس ہے ۔
(قائداعظم)
۲۹ جون ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۵ ، ۳

قاضی عیسیٰ حیدر آباد روانہ ہو گئے ۔
قائداعظم سے ملاقات کریں گے ۔
۱۳ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

اس صورت حال سے با خبر رہیئے جس سے اسلامیان ہند دو چار ہیں ۔

Marfat.com

قائداعظم کا پیغام طلبائے حیدر آباد کے نام ۔
۱۴ جولائی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قاضی عیسیٰ حیدر آباد میں ۔
قائداعظم سے ملاقات ۔
۱۴ جولائی ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

مسلمان مائیں اپنے بچوں کی تربیت بہترین طور پر کریں ۔
قائداعظم کا پیغام مسلمان ماؤں کے نام ۔
۱۷ جولائی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قائداعظم نے مسلمانوں کو اقتصادی و صنعتی ترقی کی تلقین کی ۔

زندگی کے ہر شعبے میں عوام کی امداد حکومت کے فرائض میں داخل ہے ۔
۱۷ جولائی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

قائداعظم حیدر آباد سے بمبئی واپس پہنچ گئے ۔
حیدر آباد کے کئی اصحاب کی قائداعظم سے ملاقات ۔
۱۷ جولائی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

دستور ساز اسمبلی سے کانگرس کا تعاون محض نمائشی ہے ۔ (قائداعظم)

... سمجھوتہ کی سکیم کو تباہ کرنے کے لئے کانگرسی ، دستور ساز اسمبلی میں شریک ہو رہے ہیں ۔
۱۷ جولائی ۱۹۴۶ - ۵ ، ۶

قائداعظم سے نامہ بروں کے نمائندوں کی ملاقات ۔
دیوان چمن لال کو ہماری نمائندگی کا کوئی حق حاصل نہیں ۔ (مالوی)
۱۸ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

ہم کسی پارٹی سے بھی امتیازی سلوک نہیں کرینگے ۔
وائسرائے نے قائداعظم کو کیا یقین دلایا تھا ۔

ہندوستانی لیڈروں سے مشن اور وائسرائے کی خط و کتابت ۔
۲۰ جولائی ۱۹۴۶ - ۴ ، ۳ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۲ - ۳

وزیر ہند اور سر سٹیفورڈ کرپس کے اعلانات ، قائداعظم کے بیان کے جواب میں تھے ۔

۱۶ مئی کا اعلان ناقابل ترمیم اور گروپنگ لازمی ہے۔
پارلیمنٹری مباحثہ کا پس منظر ("نوائے وقت" کے لندنی نامہ نگار کے قلم سے) ۔
۲۳ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵

قائداعظم سے محکمہ ڈاک اور تار کے ڈائریکٹر جنرل کی ملاقات ۔

ہڑتالیوں کے مطالبات کے سلسلہ میں حکومت کے مطمع نظر کی وضاحت ۔
۲۵ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

مرکز میں لیگ کانگرس کولیشن حکومت کے قیام کے لئے سیاسی گفت و شنید ۔

وائسرائے کی طرف سے صرف قائداعظم اور پنڈت نہرو کو دعوت ملاقات ۔
۲۵ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

ہم نے اب تک جو کچھ کیا آئینی ذرائع سے کیا ۔ آج سے ہم "آئینیت" کو خدا حافظ کہتے ہیں ۔

ہم نے جو فیصلہ کیا ہے پوری ذمہ داری کے ساتھ کیا ہے ۔

لیگ کونسل کے اجلاس میں قائداعظم کی معرکۃ الآرا تقریر ۔
۳۰ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

قائداعظم کے ایک لفظ پر ہندوستان بھر کے مسلمان بغاوت کر سکتے ہیں ۔

کانگرس مسلمانوں کو تباہ کرنا چاہتی ہے اور حکومت اس کی پشت پر ہے ۔

اب انقلابی پروگرام کا وقت آ گیا ۔ لیگ کونسل کے اجلاس کی مفصل کارروائی ۔
۳۰ جولائی ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶ بقیہ صفحہ ۴ ، ۳

Marfat.com

اب مسلمان اس دن کے منتظر ہیں جب قائداعظم ''مارچ''
کا بگل بجا دیں گے -

ڈائریکٹ ایکشن کے فیصلہ پر مسلمانوں میں مسرت کی
لہر دوڑ گئی -

لاہور کے مقتدر ہمدردان لیگ نے خطابات ترک
کر دیئے -

۳۰ جولائی ۱۹۴۶ - ۳ ، ۲ - ۵

لیگ کی مجلس عمل ڈائریکٹ ایکشن کا پروگرام مرتب
کرے گی -

قائداعظم نئی مجلس عمل کے ارکان کا اعلان کرینگے-

۳۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

برطانیہ اور امریکہ ، فلسطین کو خیر باد کہہ دیں تو
یہودی اور عرب اپنے مسائل خود طے کر لینگے -
(قائداعظم)

۳۱ جولائی ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵

کانگرس ۱۹۴۲ء کی تحریک سے کہیں زیادہ خوفناک
تحریک جاری کرنے کی تیاریاں کر رہی ہے -
(قائداعظم)

اب صرف مسلم لیگ کو ہی خاموش رہنے کا مشورہ
دیا جا سکتا ہے -

وائسرائے کی طرف سے قائداعظم کا ایک اہم مکتوب
موصول ہوگیا -

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۴ - ۵

نواب ممدوٹ اور فیروز خان نون نے نمائندہ پریس کو
یقین دلایا کہ اسلامیان ہند ، قائداعظم کے حکم پر ہر
قسم کی قربانی پیش کریں گے -

یکم اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

وائسرائے کا قائداعظم اور مسٹر گاندھی سے نامہ و پیام
جاری ہے -

بگڑی ہوئی صورت حال پر قابو پانے کے لئے کوششیں -

۲ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

مدراسی مسلمان، قائداعظم کے ہر حکم کی پیروی کرینگے-
مدراس پراونشل مسلم لیگ کے صدر کا بیان -

۲ اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

ہر قسم کے برطانوی مال کا مکمل بائیکاٹ کیا جائے -
مسٹر فرخ حسین بیرسٹر کا قائداعظم کو تار -

۳ اگست ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

عربوں کا وفد مسلم لیگ کی تائید حاصل کرنے کے لئے
ہندوستان آئے گا -

ہم قائداعظم سے ملیں گے -

وفد کے ممبر کا بیان -

۸ اگست ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۳

نواب ممدوٹ کے خطاب کا معاملہ -
قائداعظم نے ضروری کاغذات طلب کئے -

۸ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

جنگ پاکستان میں ''پنجاب'' اسلامیان ہند کا بازوئے
شمشیر زن ثابت ہوگا -

قائداعظم اپنا قدم اٹھا کر پیچھے ہٹنا نہیں جانتے -
مسلم عوام پر تشدد کیا گیا تو وزارت پنجاب کا قصر
منہدم ہو جائے گا - (میاں ممتاز دولتانہ)

۸ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵

۱۶ اگست کی ہڑتال نظم و ضبط اور ہر امن طور پر کی
جائے - قائداعظم محمد علی جناح کا اعلان -

۸ اگست ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۳

پیر سید جماعت علی شاہ کا دوسرا تہنیت نامہ قائداعظم
محمد علی جناح کے نام -

۸ اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۲

چکوال میں پہلا جہادی دستہ -

نوجوانوں نے یقین دلایا کہ قائداعظم کے لئے ہم ہر
ممکن قربانی دیں گے -

۹ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

Marfat.com

کانگرس دستور ساز اسمبلی میں اپنی اکثریت کے بل پر
ہر فیصلہ کر سکتی ہے - (قائداعظم)
اس کی آئینی بے راہ رویوں کو روکنے کا کوئی انتظام
موجود نہیں -
کانگرس ورکنگ کمیٹی کی قرار داد سے سیاسی صورت
حال تبدیل نہیں ہوئی -
۱۳ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۶

میاں الحاج محمد احسان علی خانصاحب آف مایر کوٹلہ
پنجاب شیعہ کانفرنس لدھیانہ -
قائداعظم کو ہر قربانی کا یقین دلایا -
۱۳ اگست ۱۹۴۶ - ۳ ، ۴ - ۵

ہم ہر نئی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہیں -
(قائداعظم)
میں نہیں جانتا کہ وائسرائے، کانگرس یا اس کے صدر
کے درمیان کیا بات چیت ہو رہی ہے -
۱۴ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ،۱ - ۲

پنڈت نہرو ، قائداعظم سے تعاون کی درخواست کرینگے -
کانگرس پرامن مفاہمت کی خواہاں ہے - (پنڈت پنت)
۱۴ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

کانگرس ریزولیوشن کے آخری حصے اس امر کی تردید کرتے
ہیں کہ اس نے آئینی سکیم کو بحیثیت تمام منظور کیا
ہے -
کانگرس ، گروپ بندی کے اصول کی اب بھی پابند نہیں-
قائداعظم کا کانگرس ورکنگ کمیٹی کے ریزولیوشن کے
متعلق مکمل بیان -
۱۴ اگست ۱۹۴۶ - ۲ ، ۲ - ۵

یوم عمل بالکل پرامن طور سے منایا جائے -
قائداعظم کا پیغام اسلامیان ھند کے نام -
۱۵ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۵

قائداعظم کے نام پنڈت نہرو کا مکتوب -
قائداعظم اس پر غور کر رہے ہیں -
۱۵ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

مرکز میں جلد عبوری حکومت کے قیام کی توقع قبل از
وقت ہے -
مسٹر جناح کے عزم صمیم سے کانگرسی لیڈر حواس باختہ
ہو گئے ہیں -
۱۷ اگست ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵ - ۶

وائسرائے نے قائداعظم کو دھلی آنے کی دعوت دے دی -
تعاون کے لئے مسلم لیگ کو بہتر شرائط پیش کی
جائیں گی -
۲۱ اگست ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۴

قائداعظم نے ماسٹر تارا سنگھ کو بالمشافہ گفتگو کی
دعوت دی -
وزارتی سکیم کو کانگرس نے موت کے گھاٹ اتارا -
۲۵ اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

وائسرائے کے نشری اعلان نے مسلم لیگ اور اسلامی
ھند کو سخت صدمہ پہنچایا ہے - (قائداعظم)
وائسرائے کا نیا اقدام نہایت غیر دانشمندانہ اور غیر
مدبرانہ ہے -
ہندوستانی مسئلہ کا واحد حل قیام پاکستان ہے -
۲۷ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

قائداعظم جناح نے سر شفاعت احمد کی ہمشیرہ کو
تار روانہ کیا کہ سیاسی اختلافات کے باوجود ہم سے
انہیں ہمدردی ہے -
۲۷ اگست ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳

اسلامیان ھند ہر آزمائش پر پورا اترنے کے لئے مسلح اور
منظم ہو جائیں -
برطانوی حکومت اور وائسرائے 'ہندوستان کی عنان
حکومت فاشسٹ ہند' کانگرس کے سپرد کرنے پر تلے
ہوئے ہیں -
اسلامیان ہند پوری طرح منظم ہو کو ہر قسم کے
حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار ہو جائیں -
ہمارا ماٹو اتحاد ، یقین اور ڈسپلن ہونا چاہئے - خدا
ہمارے ساتھ ہے - اور ہم ضرور کامیاب ہوں گے -
(حواشی)
۲۹ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵

Marfat.com

برطانوی حکومت اگست ۱۹۴۰ء کے اعلان کے نہایت
شرمناک اور شر انگیز انحراف کی مرتکب ہوئی ہے -
یہ سب کارروائی کانگرس سے ایک طے شدہ سازش کا
نتیجہ ہے -
اسلامیان ہند اس سازش کا مقابلہ کرنے کے لئے بالکل
تیار ہیں -
تمام غیر لیگی مسلمان ناموس اسلام کی خاطر لیگ کے
جھنڈے تلے جمع ہو جائیں -
(قائداعظم کا ہنگامہ خیز اعلان)
۳۱ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

میری زندگی خدا کے ہاتھ میں ہے، مجھے کسی پہرے کی
ضرورت نہیں -
بمبئی صوبہ لیگ کی پیشکش کے سلسلہ میں قائداعظم
کا قلندرانہ جواب -
۳۱ اگست ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ ، ۴

قائداعظم کا بیان -
بتایا کہ انہوں نے وزارتی مشن کے تمام واقعات اور
مسلم لیگ کی قراردادوں کی تمام نقول وزیر اعظم
برطانیہ مسٹر ایٹلی کو بھیج دیں -
یکم ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

چک نمبر ۱۵۹ میں عید پر جلسہ -
قائداعظم کی درازیٔ عمر کے لئے دعا -
۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

چک نمبر ۵۶۹ میں لیگ کا جلسہ -
مسلمان قائداعظم کا ہر حکم مانیں گے -
۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳

ہمیں نہرو پر اعتماد نہیں -
ہمارے لیڈر قائداعظم ہیں -
وائسرائے کے نام ایک تار بھیجا گیا جس میں مضمون
یہ تھا کہ ہمیں نئی اگزیکٹو کونسل پر اعتماد نہیں -
ہمارے لیڈر قائداعظم ہیں -
۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

عارضی حکومت اور دستور ساز اسمبلی میں مسلم لیگ
کی شرکت کی امید نہیں - ایسا اقدام مسلمانوں کی
دائمی تذلیل اور اعتراف شکست کے مترادف ہوگا -
برطانیہ نے مشرق وسطیٰ اور ہندوستان میں مسلمانوں
کو نیست و نابود کرنے کی پالیسی جاری رکھی تو
روس ایک بہت بڑا خطرہ ثابت ہو سکتا ہے -
فسادات کی ذمہداری وائسرائے، مسٹر گاندھی اور
کانگرس پر عائد ہوتی ہے -
مجھے ہلاک کرنے کی دھمکیاں دی جا رہی ہیں -
(قائداعظم)
۶ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۶

جھنگ مگھیانہ میں -
قائداعظم کے ہر فرمان کی تعمیل کا عہد -
۶ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵

ہم قائداعظم کے مطالبات کی حمایت کریں گے -
عدن کے مسلمان عربوں کا اعلان -
۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

مسٹر سہروردی بمبئی روانہ ہوگئے -
قائداعظم سے ملاقات کے لئے -
۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم اور مسلم لیگ کے ہر حکم کے منتظر ہیں -
چوہدری غلام عباس، صدر مسلم کانفرنس کا مجاہدانہ عزم -
۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

آپ امریکہ جانے والے وفد میں شریک نہ ہوں -
سید رضا علی کو قائداعظم کا مشورہ -
۸ ستمبر ۱۹۴۶ ، ۱ - ۱

قائداعظم سے عزیز ملت مسٹر حسین شہید سہروردی
کی ملاقاتیں -
وزیراعظم بنگال نے موضوع ملاقات کی نوعیت بتانے
سے انکار کر دیا -
۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

Marfat.com

پنڈت نہرو ، قائداعظم کو گرفتار کرا دیں گے ۔
"ڈیلی میل" کی اطلاع ۔

۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱

مسلمانان عالم نے برطانوی جوئے کو گردن سے اتار پھینکنے کا فیصلہ کر لیا ہے ۔
مسلم جماعتیں ذاتی اختلافات کو بالائے طاق رکھ کر قائداعظم کا ساتھ دیں ۔

۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

آپ آل پارٹیز کانفرنس بلائیں ۔
قائداعظم سے مولانا احمد سعید کی درخواست ۔

۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

ہم آپ کے ساتھ ہیں اور ڈائریکٹ ایکشن کی تائید کرتے ہیں ۔
جنوبی افریقہ کے مسلمانوں کا قائداعظم کے نام پیغام ۔

۱۰ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۴ - ۴

مسٹر اے ۔ کے ۔ فضل الحق مسلم لیگ میں دوبارہ شامل کر لئے گئے ۔
قائداعظم نے پانچ سال پہلے کی عائد کردہ پابندی ہٹا دی ۔

۱۰ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

نواب آف ٹانک کا عزم دہلی ۔
قائداعظم صاحب سے ملاقات کریں گے ۔

۱۱ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۶

مسٹر سہروردی نے وائسرائے کو قائداعظم کا کوئی پیغام پہنچایا ۔
پنڈت نہرو نے لیگ کے تعاون کے لئے کوئی قطعی تجاویز پیش نہیں کیں ۔

۱۱ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

برطانیہ ، قیام پاکستان کے حق میں واضع اعلان کرے ۔ صرف اسی صورت میں موجودہ ڈیڈ لاک ختم ہو سکتا ہے ۔ (قائداعظم)

۱۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

ہندوستان کا فرقہ وارانہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے ۔
نواب چھتاری ، قائداعظم سے ملاقات کریں گے ۔

۱۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۴

اگر برطانیہ ، ہندوستان سے اپنی فوجیں ہٹا لے تو ہم خود ہی اپنے مسائل حل کر لیں گے ۔
ڈائریکٹ ایکشن، حکومت سے پر امن عدم تعاون ہوگا۔
"ڈیلی میل" کے نامہ نگار سے قائداعظم کے انٹرویو کی مفصل روئیداد ۔

۱۲ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۵

موجودہ ڈیڈ لاک کی صورت یہ ہے کہ برطانوی حکومت ، پاکستان کے حق میں غیر مبہم اعلان کر دے ۔ ہم نے ملک کو خونریزی سے بچانے کے لئے پاکستان کی سکیم پیش کی ۔ (قائداعظم)
عارضی حکومت کی تشکیل کے سلسلہ میں وائسرائے اور وزارتی مشن کی وعدہ خلافیاں ۔

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶

قائداعظم کو وائسرائے کی طرف سے دعوت ملاقات ۔
آپ کو عارضی حکومت اور دستور ساز اسمبلی سے تعاون کرنے کی اپیل کی جائے گی ۔

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

وائسرائے کی دعوت پر قائداعظم ہفتہ تک دہلی پہنچ جائیں گے ۔

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

ہندوستان میں نہایت ہی خطرناک خانہ جنگی شروع ہو جانے کا خطرہ درپیش ہے ۔ (قائداعظم کا انتباہ) ۔
مسلم لیگ ، روس سے کوئی گفت و شنید نہیں کر رہی۔
اب لندن میں ایک "امن کانفرنس" ہی موجودہ کشمکش کو دور کر سکتی ہے ۔

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

قائداعظم کی مدبرانہ سیاست پر طائرانہ نظر ۔
(نصیر عربین)

۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۳ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۴ ، ۱ - ۲

Marfat.com

ڈائریکٹ ایکشن کے پروگرام کے بارے میں قائداعظم کا مطمع نگاہ -
نواب افتخار حسین بمبئی میں قائداعظم سے ملاقات کرینگے -
۱۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱ - ۲

بنگال ریلیف فنڈ براہ راست مسٹر اصفہانی کو بھیجا جائے -
مسلمانوں سے قائداعظم کی درخواست -
۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

قائداعظم نے وانسرائے کی طرف سے دعوت ملاقات قبول کر لی -
"تاریک فضا میں امید کی روشن کرن"۔ مسٹر مورنسن کے تاثرات -
۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

جناح کیپ کے استعمال پر ریلوے کے ایک مسلمان ملازم سے باز پرس -
کیا نہرووانی حکومت جناح کیپ پر پابندی عائد کر دے گی ؟
۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۵ - ۶

آپ ہندوستان میں فرقہ وارانہ امن پیدا کیجئے -
امریکہ سے قائداعظم اور پنڈت نہرو کے نام تار -
۱۴ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۵ - ۶

اگر ہر مسلمان اپنے آپ کو اللہ کا سپاہی سمجھے تو باطل کی سب قوتیں مل کر بھی ہمیں شکست نہیں دے سکتیں -
جناح ویول ملاقات کے سلسلہ میں لیگ کی پوزیشن کی وضاحت - خدا سے بہترین حالات کی امید رکھو مگر بد ترین حالات کے مقابلہ کے لئے تیاری جاری رکھو -
۱۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۵

دارالعلوم کے اگلے اجلاس میں مسئلہ ہند پر دو دن تک بحث ہوگی -

متوقع جناح ویول ملاقات کا بے تابی سے انتظار کیا جا رہا ہے -
۱۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

قائداعظم نے زمین پر سونا شروع کر دیا -
امریکی ہفتہ وار جریدہ "ٹائم" کی اطلاع -
۱۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۳ ، ۶

مسٹر جناح عارضی حکومت میں شامل ہو جائیں -
لندنی اخبار "ٹائمز" کا مشورہ -
۱۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

قائداعظم کا ورود دہلی -
۱۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

دہلی دروازہ کے باہر مولانا مظہر علی اظہر کی تقریر کا حشر -
مسلم عوام مسلم لیگ اور قائداعظم کی ذات پر ناروا حملے برداشت نہ کر سکے -
۱۷ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۳ - ۳

قائداعظم سے وانسرائے کی ملاقات - وانسریگل لاج پر مسلمانوں کا بے پناہ ہجوم -
میں وانسرائے سے پھر ملاقات کروں گا - (قائداعظم)
۱۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

منگل یا بدھ کو وانسرائے سے قائداعظم پھر ملاقات کرینگے -
اب وانسرائے اپنے کانگرسی رفقاء کا مشورہ حاصل کرینگے -
۱۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۳

مسلم لیگ کی مجلس عمل کا اجلاس -
قائداعظم بھی شریک ہوئے -
۱۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ،

مرکز اور دوسرے صوبوں میں کولیشن کے بغیر بنگال میں کولیشن حکومت کا مطالبہ معقول نہیں -
وزیر بنگال کا اعلان -

Marfat.com

تعاون کی سپرٹ جناح ویول ملاقات کو کامیاب بنا سکتی ہے۔
بنگال اپنی ضروریات کا خود کفیل ہو سکتا ہے۔
۱۸ ستمبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۳ - ۶

قائداعظم ۲۸ مارچ کو سلہٹ پہنچیں گے۔
۲۳ ستمبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳

جنوبی افریقہ کے ہندوستانیوں کی ستیہ گرہ۔
قائداعظم نے حمایت کا یقین دلایا۔
۲۵ ستمبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۱

وائسرائے کے بعد لیگ کانگرس مفاہمت کے لئے نواب بھوپال کی سرگرمیاں۔
سیاسی سمجھوتہ کے لئے قائداعظم سے نواب بھوپال کی ملاقات۔
نواب صاحب کل قائداعظم اور مسٹر گاندھی سے ملاقات کر چکے ہیں۔
یکم اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم سے قبائلی نمائندوں کی ملاقات۔
حصول پاکستان کی خاطر ان کے حکم کی تعمیل کی جائے گی۔
یکم اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قائداعظم عبوری حکومت میں نیشنلسٹ مسلمان کی شمولیت ہرگز تسلیم نہ کرینگے۔
سمجھوتہ کے امکانات زیادہ روشن نہیں ہیں۔
یکم اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

آج (بدھ) قائداعظم ، وائسرائے سے چوتھی بار ملاقات کرینگے۔
وائسرائے سے نواب بھوپال کی ملاقات۔
۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

کیپ ٹاؤن کی مسلم لیگ نے قائداعظم کو اپنا دائمی سرپرست مقرر کر دیا۔
۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

سیاسی گفت و شنید فیصلہ کن مرحلہ پر۔ قائداعظم ، پنڈت نہرو اور نواب بھوپال کی مشترکہ ملاقات کا امکان۔
آج لیگ کی مجلس عمل اپنا قطعی فیصلہ صادر کر دے گی۔
وائسرائے سے قائداعظم کی چوتھی ملاقات سے سمجھوتہ کے امکانات۔
۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم سے پنڈت نہرو کی دوسری ملاقات۔
۸ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۲ - ۳

سیاسی مفاہمت کے لئے سرگرمیاں بدستور جاری ہیں۔
قائداعظم اور مسٹر گاندھی سے نواب بھوپال کی ملاقاتیں۔
آئندہ ہفتہ کے وسط تک گفت و شنید کا نتیجہ برآمد ہو جائے گا۔
۵ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

مسٹر گاندھی اور قائداعظم سے نواب بھوپال کی ملاقاتیں۔
۱۰ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۲

مسٹر گاندھی اور قائداعظم سے نواب بھوپال کی ملاقاتیں جاری ہیں۔
۱۱ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

دہلی کی سیاسی گفت و شنید ناکام ہوگئی۔
قائداعظم اور مسٹر گاندھی سے نواب بھوپال کی ملاقاتیں جاری ہیں۔
۱۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

آج قائداعظم ، وائسرائے سے ملاقات کریں گے۔
۱۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

قرم ایجنسی کے قبائلی سرداروں کا جلسہ عام میں اعلان۔
ہم قائداعظم کے حکم پر جان و مال قربان کر دینگے۔
۱۲ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۳ - ۴

Marfat.com

لیگ لیڈروں کا عزم کراچی -
قائداعظم ۹ نومبر کو کراچی پہنچیں گے -
۱۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

آفریدی لیڈروں کا اعلان -
ہم قائداعظم کے وفادار ہیں -
۱۳ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

ہمیں قائداعظم پر کامل اعتماد ہے - پنڈت نہرو وزیرستان نہ آئیں -
ڈیرہ اسماعیل خان کے محمودی اور وزیری نمائندوں کا اعلان -
۱۵ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ - ۲

اسلامی ہند اعراب فلسطین کو پوری امداد دے گا -
عربی ایوان نمائندگان کے نائب صدر کو قائداعظم کا تار -
۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۳ - ۴

قائداعظم سے لیگ کی مجلس عمل کے ارکان کی ملاقات -
آسامی مسلمان کاشتکاروں پر مصائب کے بارے میں تبادلہ خیالات -
۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۵ - ۶

قائداعظم کے دانشمندانہ فیصلہ پر سر عثمان کا خراج تحسین -
ملک کو عظیم خطرے سے بچا لیا -
۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۵ - ۶

قائداعظم سے سمجھوتہ کر کے وزیرستان آؤ -
پنڈت نہرو کو اسلامیان بنوں کا انتباہ -
۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۵ - ۶

مسلمانان مری کا عظیم الشان اجتماع -
ایک قرار داد کے ذریعہ قائداعظم کو یقین دلایا کہ مری کے مسلمان ہر قسم کی قربانی دینگے -
۱۶ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ، ۶

عرب آپ کے ساتھ ہیں -
مفتی اعظم کا خط قائداعظم کے نام -
۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

گاندھی جناح فارمولا میں مسلم لیگ کو اسلامیان ہند کی نمائندہ جماعت تسلیم کر لیا گیا تھا -
پنڈت نہرو اور ان کے رفقاء نے یہ فارمولا منظور کرنے سے انکار کر دیا -
گفت و شنید کو ناکام بنانے کے لئے اصل فارمولے میں نئی ترامیم شامل کرانے پر اصرار -
سمجھوتہ کے لئے قائداعظم کے نو نکات -
۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱ - ۶ بقیہ صفحہ ۶ ، ۳ - ۶

وائسرائے سے قائداعظم کی ملاقات -
قائداعظم کی یہ چھٹی ملاقات ہے -
۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

مسلم لیگ اچھوتوں کو ہر ممکن امداد دیتی رہے گی - (قائداعظم)
اچھوتوں کا اجتماع قائداعظم کی کوٹھی پر -
۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۴ ، ۳ - ۴

پارلیمان کے اجلاس میں ملک معظم ، ہندوستانی مسائل پر اظہار خیال کریں گے -
مسلم لیگ کی پیش کردہ فہرست میں قائداعظم کا نام نہ ہونے پر اظہار مایوسی -
۱۷ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۵ ، ۱ - ۲

آدم خیل کے قبائلیوں کا نعرہ حق -
ہم قائداعظم کے ساتھ ہیں -
۱۸ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۱

قائداعظم سے لیگ لیڈروں کی ملاقاتیں -
۱۸ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱ ، ۶

خواہ کوئی محاذ ہو ، میں قائداعظم کی زیر کمان لڑونگا -
عارضی حکومت کے مسلم لیگی رکن مسٹر غضنفر علی خان کا بیان -
۸۱ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲ ، ۱ -

خان صاحب کا خطاب ترک کر دیا -
صوبیدار غلام حسین نے قائداعظم کے حکم پر -
۱۸ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶ ،

Marfat.com

قائداعظم باغپت تشریف لے گئے ۔
دو چار روز آرام فرمائیں گے ۔

۱۹ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۱، ۶

اسلامیان ہند کو کوئی تکلیف پہنچی تو ہم اسے اپنی تکلیف خیال کریں گے ۔

چمرود میں پیر صاحب مانکی شریف کی موجودگی میں ہزاروں قبائلیوں کا اعلان ۔
قائداعظم کی قیادت پر کامل اعتماد کا اظہار ۔

۱۹ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۲، ۱ - ۲

قائداعظم سے لیگ لیڈروں کی ملاقات ۔
ممتاز دولتانہ اور افتخار حسین نے ملاقات کی ۔

۱۹ اکتوبر ۱۹۴۶ - ۶، ۵

